★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 23 محرم الحرام 1447ھ، 19 جولائی 2025ء 4 ساون 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 241

وفاقی حکومت بشمول وفاقی بورڈ ملک بھر کے بورڈز کے ٹاپرز کو لیپ ٹاپ فراہم کرے گی، وزیراعظم

سول سروس کی جامع اور مؤثر حکمت عملی کے تحت تجدید نو حکومت کی اولین ترجیح ہے[وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت سول سروس کی ریفارمز پر جائزہ اجلاس ہوا،

ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے ریلوے اور شپنگ شعبے کی بہتری کلیدی اہمیت رکھتی ہے، پاکستانی شپنگ لائنز کیلئے سامان کی ترسیل سے ملک کے لیے قیمتی زر مبادلہ کا نادر موقع ہے

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان ازبکستان ریلوے لائن سے تجارت کا نیا دور شروع ہونے جارہا ہے۔جمعہ کو پاکستان کے شپنگ سیکٹر اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا،اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پاکستان کے شپنگ سیکٹر میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کے لیے پلان (بقیہ نمبر 10)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے پی ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

اسلام آباد ہائی کورٹ کی 4 ججز پر مشتمل نئی انتظامی کمیٹی تشکیل، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد ہائی کورٹ کی 4 ججز پر مشتمل نئی انتظامی کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جس کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سر(بقیہ نمبر 2)

ٹڈاپ کیسز: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سمیت تمام ملزمان بری

اینٹی کرپشن کورٹ نے ہائیکورٹ میں موجود مقدمات کا بھی جلد فیصلہ کرنے کا اعلان کردیا

بہت سارے ملزمان کو شیطان نے بہکایا اور یہ بہک گئے

کراچی (این این آئی) کراچی کی اینٹی کرپشن کورٹ نے ٹڈاپ کیسز میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سمیت تمام ملزموں کو بری کردیا ہے۔کراچی کی اینٹی کرپشن کورٹ نے سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سمیت تمام ملزمان کو ٹڈاپ کیسز میں بری کردیا، عدالت نے مفرور ملزم(بقیہ نمبر 3)

مریم نواز کی پی ڈی ایم اے ہیڈکوارٹر آمد تین گھنٹے بریفنگ

اداروں کو بارش کے اگلے سپیل کی تیاری کا حکم

وزیراعلیٰ مریم نواز سے بنگلہ دیشی ہائی کمشنر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، پنجاب اور بنگلہ دیش کے مابین زراعت اور فوڈ سکیورٹی کے شعبے میں بھی وسیع تعاون کی گنجائش ہے، مریم نواز شریف

پاکستان اور بنگلہ دیش ایک ہی درخت کی دو شاخیں ہیں، ہماری جڑیں مشترکہ تاریخ اور ثقافت میں پیوست ہیں، پنجاب بنگلہ دیش کی گارمنٹس، مائیکرو فنانس اور ویمن کی ورک فورس میں کامیابیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

لاہور (پی ایم این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں تعینات بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین خان نے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعاون، باہمی تجارت، صنعت اور زراعت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش ایک ہی درخت کی دو شاخیں ہیں، ہماری جڑیں مشترکہ تاریخ اور ثقافت میں پیوست ہیں، پنجاب بنگلہ دیش کی گارمنٹس، مائیکرو فنانس اور ویمن کی ورک فو(بقیہ نمبر 1)


اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہورہا ہے

ججز تبادلہ وسنیارٹی کیس کے فیصلہ کیخلاف عمران خان کی انٹرا کورٹ اپیل دائر

تین ہائیکورٹ ججز کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں منتقلی کا مقصد آزاد ججز کو پیچھے دھکیلنا ہے

اسلام آباد ہائیکورٹ ایکٹ 2010 کے تحت تمام صوبوں کی نمائندگی ضروری ہے

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے ججز تبادلہ وسنیارٹی کیس کے فیصلہ کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل سپریم کورٹ میں دائر کردی۔دائر درخواست میں سابق (بقیہ نمبر 7)

پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام، 5 مبینہ خودکش حملہ آور گرفتار

فورسز نے پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور خوارج کو بیسی خیل کی مسجد میں پناہ لیتے ہوئے گھیر لیا

17 جولائی کی شام 5 بجے خوارج نے پاک افغان سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی

اسلام آباد(این این آئی)سیکیورٹی فورسز نے پاک-افغان سرحد سے خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 5 مبینہ خودکش حملہ آوروں کو گرفتار کرلیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خوارج نے 17 جولائی کی شام 5 بجے پاک-افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کی،سیکیورٹی فورسز نے اطلاع ملتے ہی 5 مختلف مقامات پر ناکہ بندی کرلی، شام 6 بج کر25 منٹ پر خوارج سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل ہوئے اور عزیز خیل اور منڈ (بقیہ نمبر 4)

کشمیر اور پاکستان لازم وملزوم ہیں، وزیر جنگلات چوہدری محمد اکمل سرگالہ

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء جموں 4 ناروال سے ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد حکومت ریاست جموں و (بقیہ نمبر 5)

شام کو علاقائی کشیدگی کا میدان نہیں بننا چاہیے، جرمنی

شام میں استحکام کو خطرے میں ڈالنے سے بچنے کے لیے تحمل سے کام لیں، وزیر خارجہ

برلن (این این آئی) جرمنی کے وزیر خارجہ جوہان وڈے فل نے کہا ہے کہ شام کو علاقائی کشیدگی کا اکھاڑہ نہیں بننا چاہیے۔ جرمن وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ دمشق سمیت اسرائیلی (بقیہ نمبر 8)


وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سرینگر، نیشنل کانفرنس ریاستی درجے کی بحالی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، مصطفیٰ کمال

سرینگر (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ وہ ریاستی درجے کی بحالی کیلئے اپنی جہو(بقیہ نمبر 21)

غزہ میں فائر بندی کے لیے مذاکرات اچھے انداز سے آگے بڑھ رہے ہیں، وٹکوف

مذاکرات کا مرکز اب موراغ راہداری نہیں رہا، بلکہ رفح کے علاقے میں اسرائیلی موجودگی پر مرکوز ہوچکا ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) مشرق وسطی کے لیے امریکہ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے حصول کے لیے جاری مذاکرات اچھے انداز میں(بقیہ نمبر 22)

کشمیر اور پاکستان لازم وملزوم ہیں، وزیر جنگلات چوہدری محمد اکمل سرگالہ

مظفرآباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء جموں 4 ناروال سے ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد حکومت ریاست جموں و (بقیہ نمبر 5)

مقبوضہ جموں وکشمیر، گول قتل عام کے متاثرہ خاندان تاحال انصاف سے محروم

کشمیری اپنی تحریک آزادی کو منطقی انجام تک پہنچانے کیلئے پرعزم ہیں، سول سوسائٹی

جموں (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں گول قتل عام کے متاثرہ خاندان بارہ برس کا ایک طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود تاحال انصاف سے محروم ہیں۔کشمیر میڈیا (بقیہ نمبر 14)

آسام، مسماری مہم کے دوران پولیس کی فائرنگ سے دو مسلمان جاں بحق

آسام (این این آئی) بھارتی ریاست آسام میں ضلع گولپارہ کے پیکان ریزرو فاریسٹ میں مسماری مہم کے دوران پولیس کی فا(بقیہ نمبر15)

جموں، گورنمنٹ میڈیکل کالج ہسپتال کے ڈاکٹروں کی ہڑتال جاری

جموں (این این آئی) بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے گورنمنٹ میڈیکل کالج ہسپتال جموں کے ایمرجنسی وارڈ کے جونیئر ڈاکٹروں کیطرف سے ایک مریض کے رشتہ داروں کی طرف (بقیہ نمبر 16)

پاکستان کا شام، اسرائیلی جارحیت پر شدید تشویش کا اظہار

شامی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کے احترام کا مطالبہ

ایسے ماحول میں اسرائیل کے جانب سے شامی ریاستی اداروں پر غیر ذمہ دارانہ حملے نہ صرف نقصان دہ ہیں بلکہ عقل سے بھی عاری ہیں، عاصم افتخار

اسرائیل کے اقدامات نہ صرف غیر قانونی ہیں بلکہ بالآخر خود اس کیلئے نقصان دہ ہیں، کیونکہ یہ وہی عدم استحکام پیدا کرتے ہیں جسے اسرائیل روکنے کا دعویٰ کرتا ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے شام پر اسرائیلی جارحیت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شامی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کے احترام کا مطالبہ کردیا۔ترک نشریاتی ادارے انادولو کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے شام کی صورتحال پر سلامتی کونسل سے خطاب میں شام کے شہروں السویدا، درعا اور دمشق میں کیے گئے اسرائیلی فضائی حملوں کی (بقیہ نمبر 17)

وزیراعلیٰ پنجاب کا پی ڈی ایم اے کا دورہ، مون سون سے قبل تیاریوں کا جائزہ

مریم نواز شریف کو بارش، سیلاب کی صورتحال اور آبادی کے انخلا کے اقدامات سے آگاہ کیا گیا

ڈی جی پی ڈی ایم اے نے حفاظتی اقدامات، وارننگ سسٹم اور ڈی سلٹنگ مہم پر بریفنگ دی

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پی ڈی ایم اے ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا اور مون سون سیزن سے قبل پیشگی تیاریوں (بقیہ نمبر20)،

''کشمیریوں کے تمام بنیادی حقوق سلب ہیں''، فیض نقشبندی کی انتونیو گوتریس کے نام عرضداشت

اسلام آباد(این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ کے رہنما سید فیض نقشبندی نے اقوام متحدہ کے(بقیہ نمبر 18)

خیبر پختونخوا حکومت کا منشیات کیسز میں سزائے موت ختم کرنے کا فیصلہ

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے منشیات کیسز میں سزائے موت ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔تفصیلات کے مطابق(بقیہ نمبر 12)

ایکسائز ٹیکنالوجی کی مدد سے گاڑی چوری کو ناممکن بنانے جارہا ہے، ڈائریکٹر ایکسائز

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ایکسائز کے ڈائریکٹر بلال اعظم نے(بقیہ نمبر 13)

سینیٹ اجلاس حوالگی ملزمان اور پاکستان شہریت ترمیمی سمیت متعدد بلز منظور

ممالک کے مابین دوطرفہ طور معاملات ہوتے ہیں، حوالگی ملزمان کا ایک طریقہ کار طے ہے، ملزمان کا ممالک کے درمیان تبادلہ ہوتا رہتا ہے: اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ نے حوالگی ملزمان، پاکستان شہریت فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ میں مزید ترمیم سمیت متعدد دیگر بلز منظور کرلیے۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سردار سیدال خان ناصر کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا جس میں حوالگی ملزمان اور پاکستا(بقیہ نمبر 11)


لاہور: اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان بھچر، ایم پی اے فرخ جاوید مون و دیگر پنجاب اسمبلی کے باہر علامتی اجلاس کے موقع پر حالیہ بارشوں میں جاں بحق ہونے والوں کے لئے دعائے مغفرت کررہے ہیں

عراق اور کردستان کے درمیان تیل کی برآمدات بحال کرنے پر اتفاق

ڈرون حملوں کے بعد کئی اہم تیل تنصیبات بند، بغداد اور اربیل کے درمیان نیا معاہدہ

بغداد(این این آئی)عراقی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اربیل اور بغداد کے درمیان ایک اہم معاہدے کے بعد کردستان عراق سے خام تیل کی برآمدات کا عمل دو سال سے زا(بقیہ نمبر 19)


لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی پنجاب پروویشن اینڈ پیرول سروس ہیڈکوارٹرز میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب میں جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار میں ملوث 7 افراد گرفتار

راولپنڈی میں وائلڈ لائف رینجرز کی کارروائی، ہزاروں جنگلی پرندے برآمد کرکے آزاد کردیے گئے

ملزمان پر 2 لاکھ روپے محکمانہ جرمانہ عائد، کارروائی چیف رینجر مبین الٰہی کی قیادت میں ہوئی، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک کی ہدایت پر چیف وائلڈ لائف رینجر مبین الٰہی کی زیر قیادت پنجاب بھر میں جنگلی پرندوں کی غیر قانونی ٹریفکنگ و فروخت کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ راولپنڈی ریجن میں(بقیہ نمبر 23)

مسجد حرام کے دروازوں پر مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹیکنالوجیز کا استعمال

ٹیکنالوجی کے استعمال کا مقصد داخلے اور خارجی ٹریفک کی درست نگرانی کرنا ہے، رپورٹ

مکہ مکرمہ (این این آئی) مسجد حرام اور مسجد نبوی کے امور کے لیے جنرل پریذیڈنسی نے مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید ٹیکنالوجی استعمال شروع کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ٹیکنالوجی المسجد الحرام کے دروازوں پر سینسر کا استعمال کرتی ہے تاکہ مسجد حرام کے مرکزی داخلی راستوں کے فرش پر (بقیہ نمبر 25)

جوہری مذاکرات سے متعلق اپنے فیصلے قومی مفادات کی بنیاد پر کریں گے، ایران

تہران (این این آئی) ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے کہا ہے کہ جوہری(بقیہ نمبر26)

سعودی امدادی طیارہ حلب پہنچ گیا، الاذقیہ کے متاثرین کے لیے فوری امداد کی فراہمی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کا پہلا امدادی طیارہ شام کے بین الاقوا(بقیہ نمبر 27)

ریاض، سعودی سیامی جڑواں بچیوں کو الگ کرنے کا آپریشن، پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل

ریاض (این این آئی) ریاض میں نیشنل گارڈ کے تحت قائم کنگ عبدالعزیز میڈیکل سٹی میں واقع کنگ عبداللہ چلڈرن اسپیشلسٹ اسپتال میں سعودی سیامی جڑواں بچیوں یارا اور لارا کو (بقیہ نمبر 28)


لاہور: چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارا احمد سے پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد خان ملاقات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ''سہولت آن دی گو'' بازاروں کا آغاز

لاہور کے 15 مقامات پر سستے بازار، ابتدائی طور پر 3 مقامات پر کام شروع کردیا گیا ہے

اشیائے خورونوش کی فراہمی ایک ہی چھت تلے، صاف ستھرا اور باعزت ماحول میسر ہوگا، مریم نواز

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبے میں ''سہولت آن دی گو'' بازاروں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کا مقصد عوام کو روزمرہ استعمال کی معیاری اشیائے خورونوش سستے داموں اور ایک ہی چھت تلے مہیا کرنا ہے۔ابتدائی طور پر لاہور کے مختلف(بقیہ نمبر34)

لیبیا، بھاری ہتھیاروں اور بکتر بند گاڑیوں کے ساتھ منعقدہ شادی کی تقریب متنازع بن گئی

طرابلس (این این آئی) لیبیا کے دار الحکومت طرابلس سے 40 کلومیٹر مغرب میں واقع شہر الزاویہ میں ایک شادی کی تقریب نے سو(بقیہ نمبر 33)



لاہور صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سابق حکومت کے غیر ذمہ دارانہ بیانات نے پی آئی اے کو اربوں کا نقصان پہنچایا، عطا تارڑ

شالیمار ریکارڈنگ اینڈ براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی پر عدالت کے مشکور ہیں

کافی عرصے سے کمپنی کی بندش کا عمل چل رہا ہے، اس دوران سینکڑوں ملازمین کے روزگار کو خطرہ لاحق ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سابق حکومت کے غیر ذمہ دارانہ بیانات نے قومی ایئر لائنز (پی آئی اے) کو اربوں کا نقصان پہنچایا۔اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ شالیمار ریکارڈنگ اینڈ بر(بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ''سہولت آن دی گو'' بازاروں کا آغاز

لاہور کے 15 مقامات پر سستے بازار، ابتدائی طور پر 3 مقامات پر کام شروع کردیا گیا ہے

اشیائے خورونوش کی فراہمی ایک ہی چھت تلے، صاف ستھرا اور باعزت ماحول میسر ہوگا، مریم نواز

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبے میں ''سہولت آن دی گو'' بازاروں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کا مقصد عوام کو روزمرہ استعمال کی معیاری اشیائے خورونوش سستے داموں اور ایک ہی چھت تلے مہیا کرنا ہے۔ابتدائی طور پر لاہور کے مختلف(بقیہ نمبر34)

غیر معمولی بارشیں، انتظامیہ بروقت متحرک ہو کر سینکڑوں شہریوں کی جانیں بچائیں

عظمیٰ بخاری

چکوال، جہلم اور راولپنڈی وہ علاقے ہیں جہاں سب سے زیادہ اور ریکارڈ توڑ بارشیں ہوئیں عوام کے جان و مال کا تحفظ مریم نواز کی پہلی ترجیح، تمام ریسکیو اور ریلیف آپریشن کی خود مانیٹرنگ کی

پاک فوج نے جانوں کی پروا کیے بغیر درجنوں شہریوں کو موت کے منہ سے نکالا، وزیراعلیٰ پنجاب نے تمام ریسکیو و ریلیف آپریشنز کی خود مانیٹرنگ کی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ حالیہ غیر معمولی بارشوں کے باعث پنجاب کے مختلف اضلاع میں سیلابی صورتحال پیدا ہوئی، تاہم وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں نے بھرپور، فوری اور منظم ردعمل کے ذریعے سینکڑوں قیمتی جانیں بچالیں۔انکا کہنا تھا کہ چکوال، جہلم اور راولپنڈی وہ علاقے ہیں جہاں سب سے زیادہ اور ریکارڈ توڑ بارشیں ہوئیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی بروقت ہدایات پر پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں نے فوری کارروائیاں شروع کیں اور متا(بقیہ نمبر 24)

جعلی دستاویزات پر بیرون ملک جانے والے 4 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن لاہور نے جعلی دستاویزات پر بیرون ملک جانے والے 4 افراد کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں 2 مرد اور 2 خواتین شامل ہیں۔ملزمان کو ایف آئی اے کے ایئرپورٹ سیکشن لاہور نے گرفتار کیا۔ملزمان کو امیگریشن حکام کے حوالے کردیا گیا۔

پنجاب میں ڈینگی کے 1 ہزار 500 نئے کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ڈینگی کے 1 ہزار 500 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ڈینگی کے سب سے زیادہ کیسز لاہور میں رپورٹ ہوئے ہیں۔ڈینگی کے 1 ہزار 500 نئے کیسز کے بعد پنجاب میں ڈینگی کے کیسز کی تعداد 1 لاکھ 10 ہزار 500 ہوگئی ہے۔ڈینگی کے 1 لاکھ 10 ہزار 500 کیسز میں سے 1 لاکھ 5 ہزار 500 صحت یاب ہوئے ہیں۔

ملک ریاض کی مشکلات میں اضافہ، ملک ریاض کے خلاف تحقیقات کا دائرہ وسیع کردیا گیا

بھائی اور بیٹے کو بیرونِ ملک جانے سے روک دیا گیا، امیگریشن اہلکاروں پر رشوت وصولی کا الزام

ایف آئی اے نے بحریہ ٹاؤن میں سرمایہ لگانے والے متعدد افراد کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے طلبی کا عمل بھی شروع کردیا ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) بحریہ ٹاؤن کے مالک ملک ریاض کے خاندان کو بیرونِ ملک جانے سے روک دیا گیا جبکہ ایف آئی اے اہلکاروں کے خلاف تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔تفصیلات کے مطابق بحریہ ٹاؤن کے مالک ملک ریاض کے خلاف تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کردیا گیا ہے۔ان کے بیٹے احمد اور بھائی کو بیرونِ ملک جانے سے روک دیا گیا ہے، جبکہ ایف آئی اے امیگریشن کے اہلکاروں پر مبینہ طور پر پروٹوکول دینے اور رشوت وصول کرنے کا الزام (بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ پنجاب کی سیکرٹری داخلہ سے ملاقات

چار دیواری کے اندر مجالس اور میلاد کی مکمل آزادی ہونی چاہیے، ایف آئی آر کا رجحان ختم کیا جائے

بارشوں اور سیلابی صورتحال میں دفعہ 144 پر عمل درآمد ضروری، صوبے میں امن وامان ہر حال میں برقرار رکھا جائے، گورنر

لاہور (زیڈ این این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سیکرٹری داخلہ احمد جاوید قاضی نے ملاقات کی جس میں محرم الحرام، بارشوں کی موجودہ صورتحال اور امن وامان سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر پنجاب نے اس موقع پر کہا کہ محکمہ داخلہ ایسی پالیسی مرتب کرے جس کے تحت چار دیواری کے اندر مجالس، میلاد اور دیگر مذہبی اجتماعات کو مکمل آزادی حاصل ہو۔انہوں نے زور دیا کہ پرانی، تاریخی اور صدیوں سے منعقد کی جانے والی مذہبی مجالس پر کسی صورت ایف(بقیہ نمبر 29)

پنجاب پولیس کا فرض شناس کانسٹیبل حیدر علی حسین سیلابی ریلے میں شہید

شہریوں کو بچاتے ہوئے جان کا نذرانہ پیش کرنے پر آئی جی پنجاب نے خراج تحسین پیش کیا

شہید کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کا اعلان، پولیس جوان کی قربانی قابل فخر قرار

لاہور (زیڈ این این) پنجاب پولیس کا ایک اور دلیر سپاہی فرض کی راہ میں قربان ہوگیا۔ جہلم پولیس کے کانسٹیبل حیدر علی حسین سیلابی ریلے میں پھنسے شہریوں کو بچاتے ہوئے خود سیلابی ریلے کی نذر ہوگئے اور جام شہادت نوش کرلیا۔شہید کانسٹیبل نے شدید بارش اور طوفانی پانی کے باوجود اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ ریسکیو کے دوران متعدد شہریوں کو محفوظ مقام تک پہنچانے کے بعد آخری کوشش میں وہ خود پانی میں بہہ گئے۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کانسٹیبل(بقیہ نمبر 30)


لاہور صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنر پنجاب کی سیکرٹری داخلہ سے ملاقات

چار دیواری کے اندر مجالس اور میلاد کی مکمل آزادی ہونی چاہیے، ایف آئی آر کا رجحان ختم کیا جائے

بارشوں اور سیلابی صورتحال میں دفعہ 144 پر عمل درآمد ضروری، صوبے میں امن وامان ہر حال میں برقرار رکھا جائے، گورنر

لاہور (زیڈ این این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سیکرٹری داخلہ احمد جاوید قاضی نے ملاقات کی جس میں محرم الحرام، بارشوں کی موجودہ صورتحال اور امن وامان سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنر پنجاب نے اس موقع پر کہا کہ محکمہ داخلہ ایسی پالیسی مرتب کرے جس کے تحت چار دیواری کے اندر مجالس، میلاد اور دیگر مذہبی اجتماعات کو مکمل آزادی حاصل ہو۔انہوں نے زور دیا کہ پرانی، تاریخی اور صدیوں سے منعقد کی جانے والی مذہبی مجالس پر کسی صورت ایف(بقیہ نمبر 29)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

چین کے ثقافتی طائفے کا کینیا میں اپنے فن کا شاندار مظاہرہ

نیروبی (شہزاد) چین کے اندرونی منگولیا خودمختار علاقے کے ایک ثقافتی طائفے نے کینیا میں اپنے روایتی فن کا شاندار مظاہرہ پیش کیا، جس سے نیروبی قومی تھیٹر چین۔افریقہ ثقافتی تبادلے کے سنگم میں تبدیل ہوگیا۔ چین۔کینیا ثقافتی اور سیاحتی سیزن 2025 کے حصے کے طور پر اس پروگرام نے ایک ایسا سنگم فراہم کیا جہاں منگولیا کے گیتوں اور کینیا کے روایتی رقص کو ایک شاندار مظاہرے کے ذریعے ملاپ کیا گیا، اندرونی منگولیا کے "چراوہے کے گیت" اور بوسٹر حرمئی کے پرجوش رقص نے دو ثقافتوں کو روح اور حرکت کے ذریعے یکجا کردیا۔ روایتی اور پرُوقار ملبوسات میں ملبوس اندرونی منگولیا کے فنکاروں نے ناظرین کو فطرت، محبت اور خوشی کی خوبصورت موسیقی سے محظوظ کیا۔ سفیر سفینہ عثمانی عہدیداروں، صفارتکاروں، کاروباری رہنماؤں اور دونوں ممالک سے تعلق رکھنے والے ثقافت کے دلدادہ افراد نے یہ مظاہرہ دیکھا، چین کے اندرونی منگولیا خودمختار علاقے کے محکمہ ثقافت وسیاحت اور کینیا میں چینی سفارت خانے نے اس پروگرام کی مشترکہ میزبانی کی۔ کینیا کے ثقافتی مرکز کے سی ای او اسماعیل پوندے نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تعلقات کو فراہم کرنے کے حوالے سے اس پروگرام کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ چین۔کینیا ثقافتی و سیاحتی سیزن 2025 میں ثقافتی طائفوں کے دورے و ثقافتی سیاحت کا فروغ، معلومات اور خدمات کے تبادلے شامل ہیں۔ پارلیمنٹ کے رکن اور کینیا۔چین پارلیمانی دوستی گروپ کے چیئرمین شکیل شیر نے مکالمے کو فروغ دینے کے لئے ثقافتی پروگرامز کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ چین۔کینیا تعاون 6 دہائیوں پر محیط ہے جو تعلیم، ثقافت، فن اور سیاحت کے شعبوں تک وسعت پا چکا ہے جس کے ٹھوس سماجی و اقتصادی فوائد حاصل ہورہے ہیں۔

چین کے اندرونی منگولیا میں نایاب معدنیات کی ایک نئی قسم دریافت

وہان (شہزاد) چینی ماہرین ارضیات کی ایک ٹیم نے چین کے شمالی اندرونی منگولیا خودمختار علاقے میں نایاب معدنیات کا ایک بڑا ذخیرہ دریافت کیا ہے۔ یہ نایاب معدنیات، جنہیں ایلوفاسی معدنیاتی ایسوسی ایشن نے سرکاری طور پر "ہوانگ ہوٹ (این ڈی) کا نام دیا ہے، ایک ایسی کان کنی پروجیکٹ میں پائی گئی ہیں جس میں نیوڈیمیم دھات زیادہ مقدار میں پائی جاتی ہے، جو مقناطیسی دھات کے طور پر جانا جاتا ہے اور برقی گاڑیوں کے موٹرز اور سمندری وِنڈ ٹربائنز بنانے میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ ذخائر چائنہ جیولوجیکل سروے اینڈ جیومائنز اور انڈونیشیا جیولوجیکل سروے انسٹیٹیوٹ کے محققین نے بیان اور نوڈمیم کی مرکزی کان کے دریافتی حصے سے دریافت کئے، جو دنیا کی سب سے بڑی نایاب ارضیاتی عناصر کی کان ہے۔ ہم کے سربراہ ژاؤ لانگ شی کے مطابق یہ دریافت ان ذخیرے کی پیچیدہ جیوکیمسٹری اور وسائل کے حوتح کو ظاہر کرتی ہے۔

ساہیوال آرٹس کونسل نے بے مثال کارکردگی کا ایک اور سنگ میل عبور کرلیا

پنجاب کی پہلی آرٹس کونسل کا اعزاز حاصل ہوا جس کی اپنی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں پر ایم فل سطح کا جامع تحقیقی مقالہ تحریر کیا گیا ہے۔ یہ مقالہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے شعبہ اردو کی اسکالر سعدیہ یونس نے ڈاکٹر ظفر حسین ہرل کی زیر نگرانی مکمل کیا۔ مقالے کا تحقیقی خاکہ معروف استاد و محقق ڈاکٹر خاور نوازش نے پیش کیا جبکہ صدر شعبہ اردو ڈاکٹر فرزانہ کوثر کی سرپرستی میں اسے پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ مقالے میں ڈاکٹر سعدیہ ریاض بھاٹی نے ساہیوال آرٹس کونسل کے تحت بڑی ادبی تبدیلی، عہدِ اسجد کی یاد اور ادبی کانفرنس سمیت دیگر علمی و ثقافتی سرگرمیوں کو متاثر کن انداز میں پیش کیا ہے۔ مقالے میں ڈاکٹر سعدیہ ریاض بھاٹی نے اس تحقیقی کاوش کو خطے کی تہذیبی، علمی تاریخ کے لیے سنگِ میل قرار دیا ہے۔

ساہیوال (میرے ڈی کے نیم سپرے) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ پروفیسر ساجد امین بھٹی نے کہا ہے کہ صوفیائے کرام نے انسانیت کو محبت، رواداری اور برداشت کا درس دیا، وہ آج دنیا کو رہنمائی سکون و سلامتی فراہم کرنے کی اشد ضرورت ہے، جس کے لیے صوفی تعلیمات کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وہ انٹرنیشنل خدمت کانگرس سے خطاب کر رہے تھے جس کا اہتمام سلسلہ ہیڈز انٹرنیشنل کے تحت دارالظہور محمد بھیر بھیرہ شریف کے 100 سالہ اسلامی خدمات کے 100 سال مکمل ہونے پر کیا۔ کانگریس میں پنجاب سمیت مختلف علاقوں سے آئے ہوئے مشائخ عظام، علمائے کرام، صوفیائے عظام اور دیگر مکاتب فکر کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کانگریس کے چیئرمین سلسلہ ہیڈز انٹرنیشنل پیر سید نصیر الدین نصیر، سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل راغب حسین نعیمی، چیئرمین پنجاب اسمبلی نظریاتی کونسل راغب حسین نعیمی، پیر محمد امین الصلوٰۃ والسلام شاہ بھیرہ شریف پیر کبیر سید احمد شاہ، ڈپٹی کمشنر بھیرہ ڈاکٹر فیصل شہزاد، پروفیسر ڈاکٹر ابلیغ الرحمٰن چشتی، مفتی رمضان سیالوی، علامہ کاشف یونس سمیت ملکی و غیر ملکی مشائخ، علمائے کرام، دانشوروں اور صوفی شخصیات نے شرکت کی۔ خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ صوفیائے کرام نے انسانیت کو محبت، رواداری اور برداشت کا درس دیا، آج دنیا کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، ہمیں اپنے معاشرے میں امن، محبت اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا، صوفیائے کرام کی تعلیمات ہی ہمارے مسائل کا حل ہیں، ہمیں اپنے بچوں کو صوفیائے کرام کی تعلیمات سے روشناس کران

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 19 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں کرنل زین العابدین اور آرمی فسران، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کرنل زین العابدین اور آرمی فسران، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔ اجلاس میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ نے حالیہ شدید بارشوں سے سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضلعی انتظامیہ کی فوری امدادی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ شاید بارش کے باعث چار افراد جاں بحق، رابطہ سڑکوں اور پلوں کے علاوہ بہت زیادہ نقصان ہوا ہے جس بحالی کے لئے کام جاری ہے اور تمام شعبوں میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے۔ جس پر آرمی افسران نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ متعلقہ محکموں کے کام کو سراہا اور اس امر کی تاکید کی اس جذبے اور عزم کے ساتھ مکمل عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیتے رہیں۔ اجلاس میں انسدادِ تجاوزات، مدارس کی رجسٹریشن، پرائس کنٹرول، غیر قانونی پٹرول پمپس، بجلی چوری، نان کسٹم پیڈ گاڑیوں و اشیاء، غیر قانونی تارکین وطن اور لیبر لاز کے حوالے سے گزشتہ ماہ کی کارکردگی سے آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ ضلع میں غیر قانونی اقدامات پر فوری کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو پر امن ماحول مہیا کیا جاسکے

سینئر قانون دان وسابق صدر لاہور بار ایسوسی ایشن اسد منظور بٹ ایڈووکیٹ آج وزیر آباد کا دورہ کرینگے

وزیر آباد (نامہ نگار) سینئر قانون دان وسابق صدر لاہور بار ایسوسی ایشن اسد منظور بٹ ایڈووکیٹ آج وزیر آباد ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن تشریف لائیں گے جہاں وہ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد کے ممبران سے ملاقات کریں گے۔ اس سلسلہ میں آج 19-07-2025 بروز ہفتہ بوقت دن 11 بجے اسد منظور بٹ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان (سابق صدر لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن و موجودہ صدر اسلامک لائرز موومنٹ پاکستان) وزیر آباد جوڈیشل کمپلیکس آئیں گے وہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد میں مختلف افراد و بار اراکین سے ملاقات کریں گے اور بار ہال میں ایک تقریب سے اظہار خیال کریں گے۔

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 6 بجے سے دن 11 بجے تک 29,22 جولائی کو باغ، شوگر مل، اجالا، غازی شاہ، ڈیوس ارجن فیڈرز، صبح 8 بجے سے دن 11 بجے تک 21 جولائی کو ڑیانہ، سیٹلائٹ ٹاؤن، غازی شاہ، سپریم گم، جھنگ سٹی، اجالا، شوگر ملز، عمران شہید، ڈی ایچ کیو ایکسپریس، مرغی پورہ، شہید روڈ، خاکی شاہ، مارتھانوالا فیڈرز، 30 جولائی کو چناب کالج، پیراڈائز سٹی، بھوجوآنہ، پکے والا، میلاد چوک، حراپیر ملز، شیخ علی، مائی ہیر، پام ولاز فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

پنجاب بھر کے 44 میونسپل اداروں میں قائم خاتون سہولت مراکز کے فوکل پرسنز کی تربیت کا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوگیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب بھر کے 44 میونسپل اداروں میں قائم خاتون سہولت مراکز کے فوکل پرسنز کی تربیت کا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوگیا۔ یہ تربیتی سلسلہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے تحت سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی معاونت سے پانچ گروپوں میں تقسیم فوکل پرسنز کے لیے آن لائن سیشنز کی صورت میں منعقد کیا گیا۔ تربیتی سیشنز میں خاتون سہولت مراکز کے پس منظر، مقاصد، فوکل پرسنز کی ذمہ داریوں، ماہانہ رپورٹنگ، سوشل میڈیا کے مؤثر استعمال، تشہیر، خواتین کھلی کچہری کے انعقاد، اسٹیک ہولڈرز سے نیٹ ورکنگ اور اداروں کے درمیان روابط پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔

حکومت پنجاب کی جانب سے حالیہ بارشوں اور سیلاب کے پیش نظر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب کی جانب سے حالیہ بارشوں اور سیلاب کے پیش نظر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ جس کے تحت گلیوں، سڑکوں اور کھلے مقامات پر جمع بارش کے پانی میں نہانے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ دفعہ 144 کے تحت دریاؤں، نہروں، ندی نالوں اور ڈیمز میں نہانے اور تیراکی کرنے پر بھی پابندی ہوگی۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ آرڈر کے مطابق بغیر اجازت اور غیر متعلقہ افراد کے دریاؤں، نہروں اور ندی نالوں میں کشتی رانی پر بھی پابندی ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں کو بارشی پانی اور دریاؤں، نہروں، ندی نالوں میں نہانے سے باز رکھا جائے تاکہ کسی بھی قسم کے نقصان کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف دیہات کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے کالیکی، کوٹ سرور، گیگے سمیت دیگر دیہات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں نکاسی آب کے کاموں اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف دیہات کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بارش کے جمع پانی کو نکالنے سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کالیکی، کوٹ سرور، گیگے سمیت دیگر دیہات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں نکاسی آب کے کاموں اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام ضلعی محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام دستیاب مشینری کو استعمال کو لاتے ہوئے دیہات کے نشیبی علاقوں سے بارش کے پانی کو نکالنے کے لیے انتظامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔ انکا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خود بارش کی صورتحال، نکاسی آب صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کو مانیٹر کر رہی ہیں، اس لیے حالیہ بارشوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال میں کسی بھی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائیگی۔ تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی سر انجام دیتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ انکا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، تحصیل انتظامیہ، ریسکیو 1122، میونسپل کمیٹیوں، ضلع کونسل، محکمہ لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر تمام محکمے بارشوں کے بعد کی صورتحال میں اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرتے ہوئے مصیبت اور مشکل کی اس گھڑی میں مبتلا عوام کی ہر ممکن مدد کو یقینی بنائیں۔ انکا کہنا تھا کہ شہر کے تقریباً تمام علاقوں سے بارشی پانی کو نکالنے کا عمل مکمل ہو چکا ہے تاہم کسی بھی آئندہ بارشی یا ہنگامی صورتحال کے پیش نظر میونسپل کمیٹی، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران اور دیگر ملازمین پوری طرح الرٹ ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ دریائے چناب میں قادر آباد بیراج کے مقام پر پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے اور دریا میں کسی قسم کے سیلاب کا کوئی خطرہ نہیں۔

دال روٹی کھانے سے دس افراد کی حالت غیر ہوگئی

ریسکیو والوں نے متاثرہ افراد جن میں شکیل احمد، غلام محمد، گل بہار، نور دین، محمد علی و دیگر شامل ہیں

وزیر آباد (نامہ نگار) دال روٹی کھانے سے دس افراد کی حالت غیر ہوگئی ریسکیو 1122 نے ہسپتال منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر آباد کی تحصیل علی پور چٹھہ کے علاقہ سید نگر میں جنوبی پنجاب کے علاقہ صادق آباد سے محنت کش مزارے دھان کی پنیری کی کاشت کے سلسلہ میں آئے ہوئے تھے ان کے باورچی نے ڈیرہ پر دال روٹی پکائی جسے کھانے سے ان کی طبیعت بگڑ گئی تو ریسکیو 1122 کو کال کی گئی ریسکیو والوں نے متاثرہ افراد جن میں شکیل احمد، غلام محمد، گل بہار، نور دین، محمد علی و دیگر شامل ہیں سب کو ہسپتال منتقل کیا جہاں پر ان کو طبی امداد دی جا رہی ہے ریسکیو ذرائع کے مطابق زیادہ تر متاثرین کی عمریں پندرہ سے سترہ سال ہیں اور خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ کھانے میں کوئی زہریلا کیڑا یا چھپکلی گری ہوسکتی ہے۔

سانحہ سوات بیلا پی ریلے میں ڈوبنے والے 16 سالہ عبداللہ آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک

عبداللہ کی نعش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا، ہر آنکھ اشکبار تھی



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سانحہ سوات بیلا پی ریلے میں ڈوبنے والے 16 سالہ عبداللہ آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک، عبداللہ کی نعش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا، ہر آنکھ اشکبار تھی۔ سانحہ سوات میں جاں بحق عبداللہ کی میت ڈسکہ پہنچی تو لواحقین کا غم پھر سے تازہ ہوگیا سوات حادثہ میں متاثرہ خاندان کے 10 افراد بیلا پی ریلے کی نذر ہو گئے تھے جن میں سے 9 افراد کی تدفین پہلے ہی ہو چکی تھی عبداللہ کی نعش سانحہ کے اکیسویں روز مقامی امدادی کارکنان کو ملی سانحہ سوات میں عبداللہ کی والدہ روبینہ کوثر اور دو جواں سال بہنیں تزمین اور شرمین سمیت 6 کزنز بھی جاں بحق ہوئے تھے عبداللہ کی نماز جنازہ دارالعلوم مدنیہ ڈسکہ کلاں میں ادا کی گئی اور مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جواں سال عبداللہ کی نماز جنازہ میں سیاسی سماجی شخصیات سمیت عزیز و اقارب اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شریک تھی

سینئر صحافی شیخ شاہد ابراہیم کی بیٹی کے قتل کی پرزور مذمت کرتے ہیں

سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سینئر صحافی شیخ شاہد ابراہیم کی بیٹی کے قتل کی پرزور مذمت کرتے ہیں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب میونسپل انفرمیشن سیکرٹری ولید الخوال ممبران سپریم کونسل میاں محمد منشاء سیٹھ وقاص علی عثمان مان ممبران سٹی پریس کلب میاں عبدالمنان ناصر محمود اعوان محسن رشید شاہد محمود بٹ رانا ریحان خالد اور لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط نے شرکت کی شرکاء کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز مرید کے میں سینئر صحافی شیخ شاہد ابراہیم کے گھر پر فائرنگ کے نتیجے میں 7 سالہ بیٹی کا قتل انتہائی قابل مذمت اور اداروں کے لئے لمحہ فکریہ ہے ہم آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او شیخوپورہ طاہر اسماعیل ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ سے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہیں اگر ایک ہفتہ میں ملزمان گرفتار نہ کئے گئے تو پر امن احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

رائیونڈ: سی او ایونٹ کی غفلت سے سیوریج کا نظام درہم برہم، عوام اذیت میں مبتلا

مقامی رہائشیوں کے مطابق، گلیوں میں گندے پانی کے جمع ہونے سے نہ صرف روزمرہ آمدورفت متاثر ہوگئی



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ کے علاقے سندر روڈ، دبئی مسجد اور اس سے ملحقہ گلیوں میں سی او ایونٹ کی مبینہ غفلت اور لاپرواہی کے باعث سیوریج کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ بند گٹروں اور بدبودار پانی کے باعث علاقہ مکین شدید اذیت میں مبتلا ہیں۔ مقامی رہائشیوں کے مطابق، گلیوں میں گندے پانی کے جمع ہونے سے نہ صرف روزمرہ آمدورفت متاثر ہوگئی ہے بلکہ مسجد تک رسائی بھی تقریباً ناممکن بن چکی ہے۔ گھروں کا نکاسی آب کا پانی بند گٹروں کی وجہ سے واپس گھروں میں داخل ہو رہا ہے، جس سے مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے سی او ایونٹ رائیونڈ کی کارکردگی پر سخت تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ عملہ سیوریج سسٹم کو بحال کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اور عوامی شکایات کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اہلِ علاقہ نے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نااہل سی او ایونٹ عملے کو ہٹایا جائے اور ان کی جگہ محنتی، ذمہ دار اور ایماندار افسران کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو اس اذیت سے نجات مل سکے۔

رائیونڈ: صفائی مہم پر علاقہ مکینوں کا اظہارِ تشکر

مریم نواز شریف کے "ستھرا پنجاب" وژن کے تحت رائیونڈ کے دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نمایاں اقدامات جاری ہیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) وزیر اعلیٰ پنجاب اور سپریم لیڈر محترمہ مریم نواز شریف کے "ستھرا پنجاب" وژن کے تحت رائیونڈ کے دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نمایاں اقدامات جاری ہیں۔ اس ضمن میں چیئرمین پنجاب سہولت بازار و رکن قومی اسمبلی ملک محمد افضل کھوکھر، چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ چوہدری شہزاد نذیر سندھو، اور صدر ایم ایس ایف ملک احسن افضل کھوکھر کا شکریہ ادا کیا گیا جنہوں نے دیہی و کم ترقی یافتہ علاقوں کو مسلسل اپنی توجہ میں رکھا ہوا ہے۔ حال ہی میں تین مرلہ سکیم جناح آبادی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر علی رضا کی نگرانی میں صفائی کے انتظامات کو بہتر بنایا گیا۔ خاص طور پر مساجد کے سامنے جمع بارش کے پانی کو صاف کر کے نمازیوں کے لیے سہولت فراہم کی گئی۔ اس اقدام پر اہلِ محلہ اور علاقہ مکینوں نے گہری مسرت اور اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مکینوں نے ڈاکٹر طارق کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ وہ ہمیشہ علاقے کے مسائل پر خصوصی توجہ دیتے ہیں۔ ٹیم لیڈر مہر حاجی شرافت، کوآرڈینیٹر سابق صوبائی وزیر تحصیل رائیونڈ، کیفنی جٹ کو عوامی سطح پر ان کی خدمات کو سراہا گیا۔

سمن آباد کے جنرل ہسپتال میں نئی تعمیر شدہ عمارت کی دیوار سے اچانک ٹائلیں گرنے کا واقعہ پیش آیا

خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم ہسپتال میں موجود مریضوں اور ان کے تیمارداروں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ): سمن آباد کے جنرل ہسپتال میں نئی تعمیر شدہ عمارت کی دیوار سے اچانک ٹائلیں گرنے کا واقعہ پیش آیا، جس نے ہسپتال کی تعمیراتی معیار اور نگرانی پر سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم ہسپتال میں موجود مریضوں اور ان کے تیمارداروں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ متعلقہ عمارت کی تعمیر حال ہی میں محکمہ بلڈنگز فیصل آباد کے تحت مکمل کی گئی تھی، جو کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات (C & W Department)، حکومتِ پنجاب کے ماتحت ادارہ ہے۔ ذرائع کے مطابق، اس منصوبے میں مبینہ طور پر ناقص میٹریل استعمال کیا گیا اور کرپشن کے شواہد بھی سامنے آئے ہیں۔ ابتدائی تکنیکی جائزے میں انکشاف ہوا ہے کہ دیواروں کی لیولنگ غیر مناسب تھی، چپاں کی گئی ٹائلوں کے لیے کمزور بانڈنگ میٹریل استعمال ہوا، اور سیمنٹ و ریت کے تناسب میں بھی سنگین تکنیکی کوتاہیاں پائی گئی ہیں۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے واقعے پر شدید ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے سیکریٹری مواصلات و تعمیرات پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیں اور محکمہ بلڈنگز فیصل آباد کے ایکسین ایس ڈی او، سب انجینئرز اور ٹھیکہ دار سمیت تمام ذمہ داروں کے خلاف اعلیٰ سطحی، شفاف اور تکنیکی بنیادوں پر انکوائری کا حکم دیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری ہسپتال جیسا حساس ادارہ اگر ناقص تعمیرات کا شکار ہو تو کسی بھی وقت بڑا سانحہ رونما ہو سکتا ہے، اس لیے غفلت، بددیانتی اور کرپشن میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ناگزیر ہے۔

حکومت پنجاب کی جانب سے چینی کی ایکس ملز اور پرچون ریٹ مقرر کر دیے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب کی جانب سے چینی کی ایکس ملز اور پرچون ریٹ مقرر کر دیے گئے ڈائریکٹر جنرل فوڈ/کمشنر کین کمشنر پنجاب نوید شہزاد مرزا کی جانب سے جاری کیے جانے والے نوٹیفکیشن کے مطابق چینی کی ایکس ملز کی کلو قیمت 165 جبکہ ریٹیل پرائس 173 روپے مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 15 اگست سے 15 ستمبر تک چینی کی ایکس ملز اور ریٹیل پرائس میں دو، دو روپے اضافہ ہوگا اسی طرح 15 ستمبر سے 15 اکتوبر تک چینی کی کلو ایکس ملز اور ریٹیل پرائس میں بھی دو، دو روپے اضافہ کیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے چینی کی مقررہ کردہ قیمتوں پر فروخت کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے اور جو بھی دوکاندار یا تاجر مقررہ داموں چینی فروخت کرے تو اسکے خلاف فوری اور سخت ایکشن لیا جائے۔

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام تیل بجلی اور چینی کی مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

شوگر مافیا کو لگام دینے میں مکمل ناکامی پر حکومت کی کڑی نکتہ چینی اور شدید مذمت کی ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام تیل بجلی اور چینی کی مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کا آغاز جامع الفتح سے ہوا اور یہ ریلی فوارہ چوک پر اختتام پزیر ہوئی۔ جہاں شرکاء ریلی نے تیل بجلی چینی کی مصنوعی مہنگائی نامنظور نامنظور کے نعرے لگائے۔ اس موقع رشرکاء ریلی سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی شوری کے رکن امان اللہ چٹھہ، ڈاکٹر محمد یسین اور رب نواز تارڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی قیمتوں میں کمی کے باوجود پیٹرولیم کے نرخوں میں بھاری اضافہ اور چینی کی قیمت 140/- روپے سے دوسو روپے تک بڑھانے پر شوگر مافیا کو لگام دینے میں مکمل ناکامی پر حکومت کی کڑی نکتہ چینی اور شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ حکمران طبقہ کی شاہ خرچیاں ختم کر کے عوام کو بجلی تیل گیس اور چینی جیسی اشیائے ضرورت سستے نرخوں پر مہیا کرنے کی ذمہ داری قبول کرے۔

کوٹ رادھا کشن انجمن پٹواریان وقانونگویان کے جائز مطالبات پورے نہ ہونے کیوجہ سے ہڑتال تیسرے روز بھی جاری

انجمن پٹواریاں کوٹ رادھا کشن نے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن کے آفس میں افسران کے ناروا سلوک اور جائز مطالبات نا ماننے کی وجہ سے دھرنا دے رکھا ہے

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن انجمن پٹواریان و قانونگویان کے جائز مطالبات پورے نہ ہونے کیوجہ سے ہڑتال تیسرے روز بھی جاری۔ تفصیلات کے مطابق انجمن پٹواریاں کوٹ رادھا کشن نے اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن کے آفس میں افسران کے ناروا سلوک اور جائز مطالبات نا ماننے کی وجہ سے دھرنا دے رکھا ہے انجمن پٹواریاں کے صدر امجد حسین چدھڑ نے پریس کلب کوٹ رادھا کشن کی ٹیم کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ 2015 میں ہمارے مطالبات کے حوالے سے ایک سمری پیش کی گئی جس کو ہائی کوٹ نے بھی اپروو کر دیا، لیکن ابھی تک اس پر عملدرآمد نا ہو سکا، ہماری پٹواریوں کا سکیل بڑھایا جائے، اور موجودہ معاشی حالات کے پیش نظر پٹواری پراپیٹ دفاتر کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے لہٰذا ہمیں سرکاری دفاتر مہیا کیے جائیں اور ٹی اے/ڈی اے کی شرح کو بڑھایا جائے، ڈی سی قصور، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور، اور اسسٹنٹ کمشنر قصور کی جانب سے نازیبا اور غیر اخلاقی رویئے کی بھرپور مزمت کرتے ہیں اور ایسے ماحول میں کوئی سرکاری کام سرانجام نہیں دیں گے۔ اسلیے جب تک مذکورہ افسران کے رویے میں واضح بہتری نظر نہیں آتی اور حکومت پنجاب ہمارے مطالبات پورے نہیں کرتے ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔ ہمارا وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، وزیر اعظم اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز، اور صدر پاکستان سے مطالبہ ہے کہ ہمارے جائز مطالبات فوری پورے کیے جائیں۔

ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا میں کرپشن، اقربا پروری اور بدانتظامی کے ہوشربا انکشافات: ایم ایس ڈاکٹر سہیل طارق کی پریس کانفرنس

دو ماہ قبل ایم ایس تعینات کیا گیا، لیکن کرپٹ اور بااثر ملازمین نہ صرف ریکارڈ دینے سے گریزاں رہے



سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا میں ایم ایس ڈاکٹر سہیل طارق نے ایک سنسنی خیز اور حقائق سے بھرپور پریس کانفرنس میں ہسپتال کی سنگین بدانتظامی، مالی بے ضابطگیوں اور منظم کرپشن کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ انہیں دو ماہ قبل ایم ایس تعینات کیا گیا لیکن کرپٹ اور بااثر ملازمین نہ صرف ریکارڈ دینے سے گریزاں رہے بلکہ ادارے میں بہتری لانے کی کوششوں میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے سوشل میڈیا پر غیر اخلاقی حرکتوں کے ساتھ دیگر ہتھکنڈے استعمال کرنے لگے۔ ڈاکٹر سہیل طارق نے بتایا کہ لفٹ کا ٹھیکہ جو 44 لاکھ میں دیا گیا جہاں چھ سے سات ملازم ہونے چاہئیں لیکن ہسپتال کا ایک ملازم اس کے اپریٹر کے طور پر کام کرتا دکھایا گیا جبکہ لفٹ ہمیشہ خراب ہی ملیں۔ ہسپتال کے وسائل کو باپ کا مال سمجھ کر لوٹا جاتا رہا۔ آپریشن کی ادویات خریدی جاتی رہی تھیں، جو اب محض 30 سے 40 ہزار روپے تک محدود کر دی گئی ہیں۔ صرف 22 مئی کے بعد 14 ادویات کی خریداری میں نمایاں کمی لائی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مخصوص کمپنیاں یا افراد ہسپتال پر اثر انداز ہونے کی کوشش کریں گے تو وہ ان کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ ایم ایس نے انکشاف کیا کہ ایک سیکیورٹی کمپنی جو پورے پنجاب میں بلیک لسٹ ہے، اسے یہاں ٹھیکہ دے دیا گیا، اور اس کے گارڈز کو 37 ہزار کی جگہ 22 ہزار روپے دیے جا رہے ہیں۔ 35 بوگس ملازمین بھرتی کیے گئے جو کبھی ڈیوٹی پر نظر نہیں آئے۔ ملازمین کے خلاف کارروائی کی کوشش پر 11 ارکان اسمبلی کی سفارشیں اور فون کالز آ گئیں۔ ڈاکٹر سہیل طارق نے بتایا کہ لفٹ کا ٹھیکہ جو 44 لاکھ میں دیا گیا جہاں چھ سے سات ملازم ہونے چاہئیں لیکن ہسپتال کا ایک ملازم اس کے اپریٹر کے طور پر کام کرتا دکھایا گیا جبکہ لفٹ ہمیشہ خراب ہی ملیں۔ ہسپتال کے وسائل کو باپ کا مال سمجھ کر لوٹا جاتا رہا۔ آپریشن کی ادویات خریدی جاتی رہی تھیں، جو اب محض 30 سے 40 ہزار روپے تک محدود کر دی گئی ہیں۔ صرف 22 مئی کے بعد 14 ادویات کی خریداری میں نمایاں کمی لائی گئی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مخصوص کمپنیاں یا افراد ہسپتال پر اثر انداز ہونے کی کوشش کریں گے تو وہ ان کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ ایم ایس نے انکشاف کیا کہ ایک سیکیورٹی کمپنی جو پورے پنجاب میں بلیک لسٹ ہے، اسے یہاں ٹھیکہ دے دیا گیا، اور اس کے گارڈز کو 37 ہزار کی جگہ 22 ہزار روپے دیے جا رہے ہیں۔ 35 بوگس ملازمین بھرتی کیے گئے جو کبھی ڈیوٹی پر نظر نہیں آئے۔ ملازمین کے خلاف کارروائی کی کوشش پر 11 ارکان اسمبلی کی سفارشیں اور فون کالز آ گئیں۔ ڈاکٹر سہیل طارق نے بتایا کہ لفٹ کا ٹھیکہ جو 44 لاکھ میں دیا گیا جہاں چھ سے سات ملازم ہونے چاہئیں لیکن ہسپتال کا ایک ملازم اس کے اپریٹر کے طور پر کام

ضلع بھر میں 57 مختلف حادثات میں 90 افراد کو ایمرجنسی سروسز فراہم کی گئی

ان حادثات میں 51 چھتیں رچھپر/دیوار گرنے کے واقعات شامل ہیں۔ 3 واقعات کرنٹ لگنے کے ہیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) گزشتہ تین دنوں کی بارشوں کے دوران ضلع بھر میں 57 مختلف حادثات میں 90 افراد کو ایمرجنسی سروسز فراہم کی گئی۔ ان حادثات میں 51 چھتیں رچھپر/دیوار گرنے کے واقعات شامل ہیں۔ 3 واقعات کرنٹ لگنے کے ہیں۔ 2 واقعات درخت گرنے کے ہیں۔ جبکہ 1 واقعہ آسمانی بجلی گرنے کا ہے۔ ان تمام حادثات میں 27 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ 55 افراد کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ جبکہ 8 افراد ان واقعات میں جان کی بازی ہار گئے۔ حالیہ بارشوں کے دنوں میں ریسکیو 1122 نے ضلع بھر میں روٹین ایمرجنسیز پر بھی عوام الناس کو سروس کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے 104 روڈ ٹریفک حادثات، 454 میڈیکل ایمرجنسیز، 9 آگ لگنے کے واقعات، 224 متفرق ایمرجنسیز پر بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 820 افراد کو ریسکیو کیا۔ عوام الناس سے اپیل ہے کہ الیکٹرک پولز، ہورڈنگ بورڈز اور نشیبی علاقوں سے احتراز کریں۔ خاص طور پر بچوں کو کھڑے پانی کی طرف جانے سے روکیں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت فوری 1122 ڈائل کریں۔

ایکسین فلیکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کی ہدایات کی روشنی میں ایس ڈی او صدر سب ڈویژن فلیکو جھنگ محمد عمران نے سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا

سیفٹی سیمینار کے انعقاد کا مقصد ملازمین کی جان کو بچانا ہے زندگی بہت قیمتی ہے آپ کی زندگی کا کوئی نعم البدل نہیں لائنوں پر کام کرنے کے دوران حفاظتی آلات کا استعمال ضرور کریں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایکسین فلیکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کی ہدایات کی روشنی میں ایس ڈی او صدر سب ڈویژن فلیکو جھنگ محمد عمران نے سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا جس میں چیئرمین صدر سب ڈویژن فلیکو جھنگ احسان الطاف گھمن، ایل ایس سلیم اقبال، ایل ایس محمد رمضان اور لائن سٹاف سمیت دیگر ملازمین نے شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایس ڈی او محمد عمران نے کہا کہ سیفٹی سیمینار کے انعقاد کا مقصد ملازمین کی جان کو بچانا ہے زندگی بہت قیمتی ہے آپ کی زندگی کا کوئی نعم البدل نہیں لائنوں پر کام کرنے کے دوران حفاظتی آلات کا استعمال ضرور کریں ارتھ آپ کی زندگی ہے کام کے دوران لائنوں کو دونوں طرف سے ارتھ کریں پرمٹ کے بغیر لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں لائن سٹاف کسی مجبوری، لالچ اور پریشر کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کام کریں سیفٹی آلات کا استعمال آپ کی زندگی کی ضمانت ہے سیفٹی پالیسی پر عملدرآمد نہ کرنیوالے لائن سٹاف کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فیصل شہزاد نے بڑے تبادلہ جات کے احکامات جاری کر دیئے

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مضبوط معیشت کیلئے سیاسی آزادی

رائے کے اعتبار سے ملک اس وقت دو دھڑوں میں بٹا ہوا ہے۔ تحریک انصاف کی طرف سے احتجاجی تحریک چلانے کے اعلان کے بعد سے اس پارٹی سے ہمدردی رکھنے والے ملک میں شہری آزادیوں اور سیاسی گھٹن کا حوالہ دے کر تبدیلی کا مطالبہ کرتے ہیں تاکہ ملک میں حقیقی جمہوریت آسکے۔ جبکہ دوسری طرف سرکاری ذرائع بظاہر سیاسی احتجاج کا حق تسلیم کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ واضح کیا جارہا ہے کہ قانون توڑنے کی کوشش ہوئی تو قانون اپنا راستہ بنائے گا۔ یہ صورت حال نئی تو نہیں ہے لیکن سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ملکی نظام کو چیلنج کرنے کی صورت حال پریشان کن ضرور ہے۔ کیوں کہ اس سے سرمایہ کاری متاثر ہوسکتی ہے اور ملکی پیداواری صلاحیت میں سست روی دیکھنے میں آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومتی نمائندے جب بھی تحریک انصاف اور پی ٹی آئی کی بات کرتے ہیں تو وہ احتجاج کو 'اقتدار کی ہوس' قرار دیتے ہیں۔ سرکاری موقف یہی ہے کہ اس وقت ملکی معیشت کو بحال کرنا ہی حکومت اور اپوزیشن کا مشترکہ مقصد ہونا چاہیے۔ اس لیے جو سیاسی عناصر بھی احتجاج کر کے معمولات زندگی کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، وہ ملک وقوم کے حقیقی دوست نہیں ہوسکتے۔ اس کے برعکس تحریک انصاف کے لیڈر بجا طور سے سیاسی احتجاج کو جمہوریت کی روح اور کسی بھی شہری کا آئینی حق قرار دیتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کوئی حقیقی منتخب حکومت کبھی عوامی سیاسی احتجاج کو مسترد نہیں کرسکتی۔ موجودہ حکومت چونکہ ہائبرڈ نظام کی پیداوار ہے اور جعلی انتخابات کے ذریعے اقتدار میں آئی ہے، اس لیے نہ تو اسے کسی احتجاج کو روکنے کا حق حاصل ہے اور نہ ہی ملکی معاملات پر اس کی دسترس عوام کے حقیقی جذبات کے عین مطابق ہے۔ اصولی طور سے اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ فعال جمہوریت میں سیاسی احتجاج اور آزادی رائے کا راستہ نہیں روکا جاسکتا۔ اس حوالے سے یہ اعتراضات درست ہیں کہ حکومت نے متعدد اقدامات کے ذریعے سیاسی آزادیوں کو محدود کیا ہے اور اظہار رائے کا گلا گھونٹنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ لیکن دوسری طرف تحریک انصاف جس احتجاج کے لیے موقع لینے کو اپنا حق قرار دیتی ہے، اس میں کسی اصول، کسی حد اور کسی ضابطے کو تسلیم نہیں کیا جاتا۔ گزشتہ دنوں ہی ایک شہری کی مغلظات بھری گفتگو کی بنیاد پر جہاں حکومت نے سخت ردعمل ظاہر کیا تو اس کے ساتھ ہی تحریک انصاف کے سوشل میڈیا متحرکین نے اس شخص کو قومی ہیرو بنا کر پیش کرنے کی کوشش کی۔ یہ دعوے کیے گئے کہ اس شخص کی 'گالیاں' عوام کی حقیقی آواز ہیں لیکن طاقت کے نشے میں دھت حکومت کو عوام کے یہ احساسات سنائی نہیں دیتے۔ حالانکہ چوبیس کروڑ آبادی والے ملک میں ہر قسم کی رائے اور رویہ رکھنے والے لوگ موجود ہیں۔ ان میں متوازن سوچ کے حامل بھی ہیں لیکن اپنی ناراضی کو شدید بلکہ غلیظ الفاظ میں بیان کرنے والے بھی موجود ہیں۔ ایسے میں سیاسی لیڈروں اور پارٹیوں کا طریقہ سیاسی مطالبات کو مہذب اور قانونی طریقے سے سامنے لانا ہونا چاہیے۔ کسی غیر قانونی یا غیر اخلاقی طرز گفتگو میں ملوث شخص کو ہیرو بنا کر اپنا سیاسی ایجنڈا مکمل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے کیوں کہ اس طرح اس سیاسی پارٹی کا سنجیدہ موقف بھی نعرے بازی اور سنسنی خیز گفتگو کی وجہ سے سنا نہیں جاتا۔ بدقسمتی سے تحریک انصاف یہ فرق ملحوظ خاطر رکھنے میں ناکام ہے۔ اسی طرح تحریک انصاف پر سیاسی احتجاج کے حوالے سے یہ الزام بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ قومی مفادات اور سیاسی ضرورتوں میں حد فاصل قائم کرنے میں کامیاب نہیں ہورہی۔ مئی میں پاک بھارت جنگ کے دوران یہی صورت حال دیکھنے میں آئی جب تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے بیشتر عناصر نے فوج سے 'سیاسی اختلاف' کی بنیاد پر قومی مفادات کے برعکس ٹرینڈ چلانے اور رائے مستحکم کرنے کو ترجیح دی۔ اس سے تحریک انصاف کی سیاسی پوزیشن کو ویسا ہی نقصان پہنچا جیسا کہ سانحہ 9 مئی کے بعد اس کی مذمت کرنے اور غلطی تسلیم کرنے کی بجائے

کیا 'خبر' جاں کنی کے مرحلے میں ہے؟

تحریر: عرفان صدیقی

کیا 'خبر' جاں کنی کے مرحلے سے دوچار ہے؟ کیا یقین واعتبار سے محروم ہوکر وہ جنسِ خس وخاشاک کی طرح بے وقعت و بے وقار ہوجانے کو ہے؟ بظاہر کچھ ایسا ہی لگتا ہے اور یہ اُفتاد کی گھڑی ہے۔

'خبر' اُس وقت بھی سچی اور درست ہونے کے سب معتبر تھی جب وہ صدیوں قبل گھوڑوں، خچروں اور اُونٹوں پر سفر کرتی تھی۔ اُس وقت بھی 'خبر' کے سچ یا جھوٹ کو پَرکھنے کے پیمانے موجود تھے۔ اَب زمانہ برق رفتار ہوچلا ہے یا شاید ٹیکنالوجی میں ہر آن آتی جدّت کیلئے برق سے بھی زیادہ کسی تیز پا پیمانہ؟ رفتار کی ضرورت ہو۔ اَب تو وقوعِ پذیر یا تشکیل پاتی 'خبر' براہِ راست دیکھی اور سُنی جاسکتی ہے۔ ایسا نہ ہو تو بھی وہ چند لمحوں میں کرہ؟ ارضی کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک پہنچ جاتی ہے۔ صدیوں کا سفر طے کرنے اور نئے رنگ روپ کے باوجود آج بھی 'خبر' کی 'صداقت' ہی اُس کا سرمایہ تفاخر ہے۔

اگر 182 میں، ہری ہروت کے زیرِ سرپرستی اور مُنشی سداسکھ کی زیرِ ادارت جاری ہونے والے اردو اخبار ''جامِ جہاں نما'' کو برّصغیر پاک وہند کا پہلا اردو اخبار مان لیا جائے تو اُردو صحافت دوسو سال سے زائد کا سفر طے کرچکی ہے۔ اس طویل عرصے کے دوران میں اخبارات کے ملبُوس وپیرہن، انداز واطوار، رنگ و آہنگ اور موضوع واسلوب میں اَن گنت تبدیلیاں آئیں لیکن دو اخباری اداروں کو صحافت کی روح اور سانس کا درجہ دیا جاسکتا ہے۔ ایک مدیر یا ایڈیٹر اور دوسرا رپورٹر۔ میں جانتا ہوں کہ صبح دَم ہمارے ہاتھوں میں پہنچنے والے اخبار میں کتنے ہی گمنام یا پسِ پردہ کام کرنے والے کارکنوں کا خون پسینہ بھی شامل ہوتا ہے۔ اُن کی محنت وریاضت کا درجہ کسی طور کم نہیں۔ اِس صنعت سے جڑا ایک لازوال کردار 'ہاکر' بھی ہے جو بطور خود ایک 'ادارے' کی شکل اختیار کرچکا ہے۔ 'ڈاکیا' تو اللہ کو پیارا ہوگیا۔ دیکھیے زقندیں بھرتے وقت کے اِس سیلِ شُدرَو میں 'ہاکر' کب تک خود کو بچاپاتا ہے۔

اخبار کی زینت ہمیشہ خبر ہی رہی۔ اِس کا بانکپن بھی اُس کا غازہ؟ عارض ورُخسار بھی۔ 'خبر' ہی اخبار کی اثر پذیری اور رعب ودبدبہ کی علامت رہی اور 'خبر' کی تمام تر ذمہ داری کا بوجھ 'رپورٹر' کے سر رہا۔ رپورٹر ہی ہے جو خبر کی تلاش کیلئے بھاگ دوڑ کرتا، دِن اور رات کی تمیز کئے بغیر 'خبر' کی ٹوہ میں لگا رہتا، اقتدار کی پُراسرار خبرگاہوں میں بھٹکتا، مزدور اور محنت کش کی طرح خبروں کی کان میں پہروں کان کنی کرتا، اِس کے درست ہونے کے لئے تحقیق وتصدیق کے جانکاہ مرحلوں سے گزرتا اور پھر کہیں اللہ کا نام لے کر، دھڑکتے دِل کے ساتھ خبر فائل کردیتا ہے۔ یہ مراحل، سنگلاخ چٹانوں سے جُوئے شِیر بہا لانے سے کم نہیں۔ امیر مینائی نے کہا تھا

خشک سیروں تنِ شاعر کا لہو ہوتا ہے
تب نظر آتی ہے اِک مصرعِ تَر کی صورت

خبر کی تلاش اور اُس کی سچائی کا یقین اچھے رپورٹر کی پیشہ ورانہ اخلاقیات کا مرکز ومحور ہوتا ہے۔ 'خبر' اُس کی جان بھی ہوتی ہے، پہچان بھی اور مان بھی۔ سو وہ 'خبر' ہی کے حوالے سے جانا، پہچانا اور مانا جاتا ہے۔ خبر کی تلاش میں ناکامی کا دِن اُس کے لئے 'یوم سوگ' ہوتا ہے اور خبر کے غلط نکلنے کو وہ ماتھے کا ایسا بدنُما داغ سمجھتا ہے کہ ساتھیوں کا سامنا کرنا بھی مشکل ہوجاتا ہے۔ 'مُدیر' کا ادارہ اور 'ادارتی نظم' اتنا قوی تھا کہ کوئی غیر مصدقہ خبر اُس کی چھلنی سے نکل نہیں پاتی تھی۔ اخباری صحافت سے ٹیلی ویژن کے جہانِ رنگ وبُو میں آنکلنے والے کُہنہ مشق رپورٹرز یا صحافی، آج بھی خبر کے بارے میں خاصی حساسیّت رکھتے ہیں گو اُنہیں پرانا، فرسودہ اور ازکار رفتہ خیال کیا جاتا ہے جو وقت کے تیز پا قافلے کی گرد بَن چکے ہیں، لیکن وہ اپنی عادت سے مجبور ہیں۔ ''پھٹتی نہیں ہے مُنہ سے یہ کافر لگی ہوئی۔''

میں جس اخباری صحافت کی بات کررہا ہوں، وہ بھی اب عہدِ رفتہ کی کہانی لگتی ہے۔ گو آج بھی مستند اخبارات میں ایک طرح کا 'ادارتی نظم' موجود ہے اور 'رپورٹنگ' کا معیار بھی، لیکن اس نظم کی دھار پہلے جیسی تند وتیز نہیں رہی۔ جو کبھی شدید طور پر 'ناخُوب' تھا اَب 'خوب نہ سہی' 'گوارا' ہوتا جارہا ہے۔ ریڈیو کے ادارے نے بھی 'خبر' کی اہمیت کو کم نہ ہونے دیا اور صحتِ زبان کے حوالے سے بھی نہایت اعلیٰ معیار قائم کیا۔ زیڈ۔اے۔ بخاری کے عہد میں تلفظ اور زبان کے حوالے سے جو کڑے پیمانے وضع ہوئے وہ دیر تک قائم رہے۔ اَب ٹی۔ وی بھی 'میری مرضی' کے اصول پر کارفرما ہے۔ اگر اخبارات، ٹیلی ویژن اور ریڈیو جیسے ادارے بھی اَنٹ شَنٹ لکھنے اور بولنے لگیں گے تو 'اردو' کا کیا بنے گا؟ اور اب ''سوشل میڈیا'' نے ایک بڑے ریکٹر اسکیل کے زلزلے کی طرح سب کچھ تلپٹ کرکے رکھ دیا ہے۔ صحتِ زبان اور تلفظ جیسے خرخشوں کو تو جانے دیجئے، 'خبر' تک کا چہرہ بُری طرح مسخ کردیا گیا ہے۔ ہر قسم کی حدود وقیود سے بے نیازی اور سچ جھوٹ کی تمیز کی بے لاگی اس کا منشور اولیٰ بھی ہے اور ہتھیار بھی۔ جس 'خبر' کو جنوں شعار رپورٹر، کوہِ قاف کی شہزادی جان کر، کٹھن راستوں پر اُس کی تلاش کو نکلتے تھے، وہ اب ''اُس بازار'' کی بیسوا بنا دی گئی۔ خبر کی تحریم وتکریم، اُس پر اعتبار اور یقین میں ہے۔ جوں ہی اُس کے چہرے پر شک، جھوٹ اور بے یقینی کی ہلکی سی گرد پڑی، وہ اپنی عفّت وعصمت گنوا بیٹھی۔ سوشل میڈیا کے شہ سوار گئے عہد کے اُن رپورٹرز کی مشقت کو کارِ حماقت خیال کرتے ہیں جن کے لئے خبر تلاشنا جان جوکھوں کا کام تھا۔ اس طرح کی سخت کوشی اور پتہ ماری سے گزرتے ہوئے وہ ''خبر تلاشئے'' کے بجائے ''خبر تراشئے'' کے ہُنر میں طاق ہونے کو زیادہ سودمند خیال کرتے ہیں۔ جو اس فن کا جتنا بڑا اُستاد یا فن کار ہے، وہ اپنے قد کاٹھ کے اعتبار سے اُتنی ہی بے بال وپَر خبر تراشتا ہے۔ ''خبریت'' سے محروم اس آمیزے میں عام آدمی کے سطحی محسوسات کی تسکین کا وافر سامان موجود ہوتا ہے۔ سوگلشن کا کاروبار کبھی مندے کا شکار نہیں ہوتا، ہمیشہ عروج پہ رہتا ہے۔ جھوٹ سے لذت کشید کرنے والے بازارِ حصص میں اس کی قیمت کبھی نہیں گرتی۔ میں سوشل میڈیا کی اہمیت اور افادیت سے انکاری نہیں۔

پرانی یادیں

تحریر: ڈاکٹر سہیل زبیری

جب میں نے اپنا ہائی اسکول مکمل کیا تو اگلا مرحلہ کالج میں ایف ایس سی میں داخلہ لینا تھا۔ یہ فیصلہ کرنا تھا کہ کس کالج میں داخلہ لیا جائے۔ اس وقت پشاور میں تین بڑے کالج تھے: اسلامیہ کالج جو یونیورسٹی آف پشاور کیمپس میں واقع تھا، گورنمنٹ کالج ابھی نیا بنا تھا اور اس کی اس وقت کوئی خاص شہرت نہیں تھی اور ایڈورڈز کالج جس کو صوبے کا بہترین کالج سمجھا جاتا تھا اور زیادہ تر طلبا کی اولین پسند ہوتا تھا۔ اس طور ایڈورڈز کالج ایک فطری انتخاب تھا۔ یہ ہمارے گھر سے بھی زیادہ دور نہیں تھا۔ میں نے ایڈورڈز کالج میں چار سال گزارے۔ اگرچہ دوسرے تعلیمی اداروں کی نسبت ان سالوں کی گہری یادیں تو محفوظ نہیں لیکن یہ قیام میری مستقبل کی زندگی پر کئی لحاظ سے اثر انداز ہوا۔

ایڈورڈز کالج خیبر پختون خوا کا سب سے پرانا کالج ہے۔ اس کی ابتدا چرچ مشن سوسائٹی کے زیر اہتمام 1855 میں ایڈورڈز ہائی اسکول کے طور پر ہوئی جو اس وقت صوبے کا واحد مغربی تعلیمی ادارہ تھا۔ اس کا نام سر ہربرٹ ایڈورڈز برٹش کمانڈر تھے جنہیں سکھوں کے ساتھ جنگ میں کلیدی کردار ادا کرنے کی بنیاد پر ہیرو آف ملتان کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ 1900 میں اس اسکول کو کالج کا درجہ دے دیا گیا۔

ایڈورڈز کالج میں پہلے دو سال ایف ایس سی کرتے ہوئے اور باقی دو سال بی ایس سی کرتے گزرے۔ ان دونوں ادوار کی نوعیت میرے لیے بہت مختلف تھی۔

اس وقت کے پاکستانی نظام تعلیم میں سائنس کے طلبا کے لیے ایف ایس سی کے دو سال تعلیمی دور کے اہم ترین سال شمار کیے جاتے تھے۔ روایت یہ تھی کہ ایف ایس سی میں امتیازی نمبر انجینئرنگ اور میڈیکل کالجوں میں داخلوں کی ضمانت تھے۔ اور ایف ایس سی میں سائنس کے ہر طالب علم کی خواہش ڈاکٹر یا انجینئر بننا ہوتا تھا۔ میرے سامنے ایسی کوئی مثال موجود نہیں تھی کہ کسی کو میڈیکل یا انجینئرنگ کالج میں داخلہ ملے اور وہ اس کو ٹھکرا کر بی ایس سی میں داخلہ لے۔

کالج میں داخلے کے وقت تک میں فیصلہ کر چکا تھا کہ انجینئر بننا میری منزل نہیں، میں ایک سائنسدان بننا چاہتا تھا۔ میں فزکس میں پی ایچ ڈی کرنا چاہتا تھا اور یونیورسٹی پروفیسر بننا چاہتا تھا۔ یہ میری زندگی میں کیے گئے چند غیر روایتی فیصلوں میں سب سے پہلا اور شاید سب سے مشکل فیصلہ تھا۔ اس زمانے میں جب یہ روایت عام تھی کہ ایف ایس سی کے بعد زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلبہ یا تو میڈیکل کالج میں ڈاکٹر بننے کے لیے داخل ہوجاتے تھے یا پھر انجینئرنگ کالج میں چلے جاتے تھے، ایسے میں فزکس میں گریجویشن، ماسٹرز اور پھر پی ایچ ڈی کرکے پروفیسری کا خواب ایک انتہائی غیر روایتی قدم تھا۔ خاص کر متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے بچے کے لیے۔ اس وقت کے معاشرے میں بہت کم لوگ یہ بات سمجھتے تھے

ماسک کیوں پہنا جائے؟

تحریر: ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

تم ماسک کیوں پہنتی ہو؟ ہم سے سوال کیا گیا۔

کیونکہ میں نہیں چاہتی کہ مجھے بار بار کووڈ ہو اور پھر لانگ کووڈ۔ ہم نے جواب دیا۔

کیا تم نے ویکسین نہیں لگوائی؟ پھر سوال۔

ہم نے فائزر کے تین انجکشن بھی لگوائے ہیں اور ماڈرنا کے بھی۔ ہمارا جواب۔

پھر تو تم محفوظ ہوگئیں نا۔

نہیں، وائرس بار بار اپنی شکل بدل کر حملہ کررہا ہے۔ ہم نے کہا

تو بھئی اب یہ فلو جیسا ہوگیا نا۔ روٹین کی بات۔ جواب ملا۔

نہیں یہ فلو جیسا نہیں، یہ ایچ آئی وی جیسا ہے جو ایڈز بیماری کرتا ہے سو اس سے جتنا بچ کر رہا جائے اتنا ہی اچھا۔ ہم نے جواب دیا۔

اس کا مطلب ہے ویکسین کا کوئی فائدہ نہیں۔ مایوسی کا اظہار۔

فائدہ ہے۔ اور وہ یہ کہ فوری طور پہ موت واقع نہیں ہوگی جیسے دو ہزار انیس میں ہوا مگر جب وائرس کی تبدیل زدہ شکل جسم میں داخل ہوگی تب لازمی طور پہ جسم کو نقصان پہنچائے گی جو کچھ عرصے بعد پتا چلے گا۔

اب لانگ کووڈ کی کہانی سنیے!

تین براعظموں میں مقیم ریسرچر جو کبھی ایک دوسرے سے نہیں ملے مگر ان کی ریسرچ کا تانا بانا ایک دوسرے سے ملتا ہے۔

براعظم یورپ کے ملک اٹلی میں ایک چائلڈ سپیشلسٹ نے نوٹس کرنا شروع کیا کہ کہ کووڈ کا شکار ہونے والے بچے ٹھیک ہونے کے بعد بھی سانس کی بے ترتیبی اور شدید تھکاوٹ کا شکار تھے۔ کچھ ٹیسٹ کروانے کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ جسم میں چھوٹی شریانوں کو نقصان پہنچا ہے اور خون میں جمنے کی صلاحیت زیادہ ہوگئی ہے۔ جس کے نتیجے میں چھوٹے چھوٹے خون کے لوتھڑے جسم میں مختلف شریانوں میں جا کر پھنس جاتے ہیں اور اس عضو کو پہنچنے والا خون یا تو بند ہوجاتا ہے یا انتہائی کم۔

کیا اس وجہ سے ان بچوں میں سانس بے ترتیب اور تھکاوٹ ہونے کی علامات ظاہر ہوئیں؟

کچھ یقین سے نہیں کہا جاسکتا مگر اس کا کچھ نہ کچھ تعلق ضرور ہے، اس نے سوچا۔

یہ لانگ کووڈ کے بارے میں پہلی تھیوری تھی۔

براعظم آسٹریلیا میں مقیم یونیورسٹی آف ساؤ؟ نڈ ویلز کے ڈاکٹر نے دریافت کیا کہ کووڈ کے بعد انسانی جسم کی قوت مدافعت کا نظام انتہائی بگڑ جاتا ہے۔ وہ سیلز جو کووڈ کے خلاف لڑتے ہیں، کبھی نارمل نہیں ہو پاتے۔

یہ لانگ کووڈ کے بارے میں تیسری تھیوری تھی۔

تینوں ریسرچرز نے ان تھیوریز کا آپس میں تعلق دریافت کرنے کی کوشش کی جو لانگ کووڈ کا سبب بنتا ہے۔

براعظم امریکہ میں رہنے والے ایک مائیکرو بیالوجسٹ ڈاکٹر نے مشاہدہ کیا کہ کووڈ ہو جانے کے بعد بھی وائرس جسم میں موجود رہتا ہے اور بعد میں نظر آنے والی علامات کا ذمہ دار ہے۔ وائرس کا خاص ٹھکانہ نروز ہیں اور اسی سے بے تحاشا تھکاوٹ کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

یہ لانگ کووڈ کے بارے میں دوسری تھیوری تھی۔

براعظم آسٹریلیا میں مقیم یونیورسٹی آف ساؤ؟ نڈ ویلز کے ڈاکٹر نے دریافت کیا کہ کووڈ کے بعد انسانی جسم کی قوت مدافعت کا نظام انتہائی بگڑ جاتا ہے۔ وہ سیلز جو کووڈ کے خلاف لڑتے ہیں، کبھی نارمل نہیں ہو پاتے۔

یہ لانگ کووڈ کے بارے میں تیسری تھیوری تھی۔

تینوں ریسرچرز نے ان تھیوریز کا آپس میں تعلق دریافت کرنے کی کوشش کی جو لانگ کووڈ کا سبب بنتا ہے۔

امریکہ میں رہنے والے ایک ایک ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ کووڈ 19 اور لانگ کووڈ ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ کووڈ 19 جنہیں ہوا یا ہو رہا ہے، وہ لانگ کووڈ کی طرف بڑھ رہے ہیں اور اس کا تناسب ان لوگوں میں زیادہ ہے جنہیں کئی بار کووڈ 19 کے مختلف سٹرینز کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ لانگ کووڈ کی ایک اور اہم علامت برین فاگ ہے یعنی دماغی صلاحیتوں کا کمزور پڑ جانا۔ دماغ کی شریانوں میں ننھے منے کلاٹ پھنس کر ان کو بند کرتے ہیں اور نتیجتاً دماغ کا وہ حصہ بے کار ہوجاتا ہے۔ اسی طرح کلاٹس نروز کو بلاک کرتے ہوئے انہیں ہلاک کرتے ہیں۔

حب، جو بھی ہے وہ کچھ برسوں بعد ہی کھلے گا، تب تک احتیاط کیجیے کیونکہ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔

مریض جسے کووڈ ہوا، ٹھیک ہونے کے بعد لانگ کووڈ کا شکار ہے۔

امریکہ میں رہنے والے ایک ایک ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ کووڈ 19 اور لانگ کووڈ ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ کووڈ 19 جنہیں ہوا یا ہو رہا ہے، وہ لانگ کووڈ کی طرف بڑھ رہے ہیں اور اس کا تناسب ان لوگوں میں زیادہ ہے جنہیں کئی بار کووڈ 19 کے مختلف سٹرینز کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ لانگ کووڈ کی ایک اور اہم علامت برین فاگ ہے یعنی دماغی صلاحیتوں کا کمزور پڑ جانا۔ دماغ کی شریانوں میں ننھے منے کلاٹ پھنس کر ان کو بند کرتے ہیں اور نتیجتاً دماغ کا وہ حصہ بے کار ہوجاتا ہے۔ اسی طرح کلاٹس نروز کو بلاک کرتے ہوئے انہیں ہلاک کرتے ہیں۔

حب، جو بھی ہے وہ کچھ برسوں بعد ہی کھلے گا، تب تک احتیاط کیجیے کیونکہ احتیاط علاج سے بہتر ہے۔

ملک میں سیاسی آزادی

تحریر: الیاس گجر

پاکستان میں شہباز شریف کی حکومت خود کو محفوظ ومضبوط محسوس کررہی ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال دگرگوں اور آزادی رائے کے امکانات محدود ہوئے ہیں۔ حکومت اگرچہ وسیع تر سیاسی مصالحت کی ضرورت پر زور دیتی ہے لیکن اس کی طرف سے ملک میں سیاسی اختلاف سے قطع نظر مل جل کر کام کرنے کی روایت کو آگے بڑھانے کے لیے کوئی ٹھوس کوشش دیکھنے میں نہیں آئی۔ اس دوران پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے ملک میں انسانی حقوق کی صورت حال اور اس کی بہتری کے امکانات کم ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیشن نے رواں ماہ کے آغاز میں ایک بیان میں کہا تھا کہ 'گزشتہ چند ماہ میں اسے غیر قانونی، بلاجواز اور غیر ضروری اقدامات کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس سے تنظیم کی اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی ہے'۔ جمہوری وآئینی انتظام کے تحت کام کرنے والی کسی بھی حکومت کے لیے انسانی حقوق پر کام کرنے والے ملک کے سب سے باوقار وقابل اعتبار ادارے کی طرف سے ایسی تشویش کا اظہار پریشان کن ہونا چاہیے۔ ان حالات میں بنیادی حقوق کی حفاظت اور ان کی نگرانی کرنے والے اداروں کو سہولت وتحفظ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔

انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے حوالے سے شکایات یوں بھی تشویش وپریشانی کا سبب ہیں کہ یہ شکایتیں عام طور سے سیاسی لیڈروں و کارکنوں کے ساتھ برتے جانے والے سلوک کے حوالے سے سننے اور دیکھنے میں آرہی ہیں۔ ملک کی سب سے بڑی پارٹی اور سب سے مقبول لیڈر عمران خان کے ساتھ روا رکھے جانا والا سلوک اس حوالے سے افسوسناک نمونہ ہے۔ اس معاملہ پر صرف یہ کہہ کر جان نہیں چھڑائی جاسکتی کہ تحریک انصاف یک طرفہ پروپیگنڈا کے ذریعے عمران خان کی قید، اور جیل میں میسر سہولتوں کے بارے میں مبالغہ آرائی سے کام لیتی ہے۔ ملک کے سابق وزیراعظم کو طویل مدت تک غیر واضح اور کمزور مقدمات میں سزائیں دلا کر قید رکھنا اور جیل میں سہولتوں کے بارے میں شکایات کو نظرانداز کرنا کسی بھی حکومت کی بے حسی اور سنگ دلی کا ثبوت ہے۔

یہ حالات جلد از جلد تبدیل ہونے چاہئیں۔ حکومت اگر سمجھتی ہے کہ اس کی طرف سے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو قواعد کے مطابق مناسب سہولتیں دی جارہی ہیں تو اسے قومی اسمبلی میں ان سہولتوں کی تفصیل پیش کرنی چاہیے۔ تاکہ عوام الناس بھی جان سکیں کہ تحریک انصاف کے شکایت نما 'پروپیگنڈے' اور حکومت کے دعوؤں میں سچائی کو کہاں تلاش کیا جاسکتا ہے۔ لیکن حکومت اگر کوئی وضاحت دینے اور اصل حقائق بیان کرنے کی بجائے شکایات کو جھوٹ کا پلندا قرار دے کر مسترد کرتی رہے گی، تو خود حکومت کا اعتبار کم ہوگا اور اس کی نیک نیتی پر سوال اٹھائے جائیں گے۔ عمران خان کی مثال تو یوں دی گئی ہے کہ وہ تحریک انصاف کے لیڈر اور سب سے زیادہ جانے جانے والے قیدی ہیں۔ لیکن تحریک انصاف کے درجنوں لیڈر اور سینکڑوں کارکن مختلف مقدمات میں طویل مدت سے جیلوں میں بند ہیں۔ اس صورت حال پر حکومت کی یہ وضاحت کافی نہیں ہے کہ عدالتوں نے انہیں سزائیں دی ہیں۔ سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان سزاؤں پر اعلیٰ عدالتوں میں اپیلیں کیوں ست روی کا شکار ہیں۔ اس دوران حکومت 26 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے عدالتی فیصلوں اور ججوں پر اثر انداز ہونے کی اپنی سی کوشش کرچکی ہے۔ خاص طور سے اسلام آباد ہائی کورٹ کو 'حکومت دوست' ججوں سے بھرنے کے لیے جو طریقہ کار اختیار کیا گیا ہے، اس سے حکومت کی بدنیتی عیاں ہوتی ہے۔ کوئی بھی سیاسی عناصر خواہ کسی بھی طریقے سے اقتدار میں آئیں انہیں مخالفین کے لیے کچھ نرم گوشہ ضرور اختیار کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ خواہ یہ اقتدار کسی ہائبرڈ انتظام کے تحت ہی حاصل کیا گیا ہو لیکن سیاسی حکومتی عہدیداروں کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ کوئی بھی سیاسی پارٹی آئینی انتظام، بنیادی حقوق کی صورت حال، سیاسی سرگرمیوں کی آزادی اور تمام سیاسی لیڈروں وکارکنوں کے ساتھ احترام کا رویہ اختیار کرکے ہی طاقت حاصل کرتی ہے۔ کیوں کہ ملک میں کوئی ایمرجنسی یا آمرانہ نظام مسلط نہیں ہے بلکہ جمہوری انتظام کے ذریعے ایک خاص سیاسی گروہ کو مسلط کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں اس انتظام سے استفادہ کرنے والے سیاسی عناصر کو ماضی پر نگاہ ڈالتے ہوئے یاد رکھنا چاہیے کہ ایسی صورت حال کسی بھی سیاسی لیڈر یا پارٹی کو پیش آسکتی ہے۔



یہ تاثر عام ہے کہ عمران خان اور تحریک انصاف کے لیڈروں کو اس وقت ملکی عدالتی نظام میں جس صورت حال کا سامنا ہے، اس کی وجہ حکومتی اثر ورسوخ ہے۔ استغاثہ جان بوجھ کر مقدمات کو الجھاتا ہے اور عدالتی کارروائی کو سست روی کا شکار کیا جاتا ہے۔ کسی ایک لیڈر کو سینکڑوں مقدمات میں نامزد کرنا بجائے خود تکلیف دہ اور مضحکہ خیز ہے۔ اس سے تو یوں لگتا ہے کہ جیسے عمران خان ساری زندگی یہ منصوبہ بندی کرتے رہے کہ 'جب انہیں اقتدار ملے گا تو وہ کیسے ایک کے بعد دوسرا جرم کریں گے'۔ یہ صورت حال موجودہ برسر اقتدار لوگوں کے لیے شرمندگی کا سبب ہونی چاہیے۔ حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عمران خان کے علاوہ تحریک انصاف کے تمام لیڈروں اور کارکنوں کو شفاف انصاف فراہم کرنے کا اہتمام کرے۔ اس حوالے سے یہ کہہ دینا کافی نہیں ہوسکتا کہ ملک میں عدالتیں خود مختار ہیں اور عمران خان اور ان کے ساتھی عدالتی احکامات کی وجہ سے ہی قید ہیں۔ کیوں کہ سب جانتے ہیں کہ یہ پورا سچ نہیں ہے۔ حکومت کو یقینی بنانا چاہیے کہ سیاسی قیدیوں کو عدالتوں سے جلد انصاف ملے اور ایسے فیصلوں کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

اس معاملہ میں جب پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق جیسا ادارہ بھی یہ کہنے پر مجبور ہو جائے کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی وکالت کے لیے جگہ کم ہوچکی ہے تو اسے سنجیدگی سے لینے اور ملک کے وزیر قانون، وزیر داخلہ اور وزیراعظم کو بنفس نفیس ان شکایات کا ازالہ کرنے کے لیے اقدام کرنے چاہئیں، جن کی بنیاد پر انسانی حقوق کی تنظیمیں یا وکلا تشویش کا اظہار کررہے ہیں۔ ان شکایات کو سیاسی مخالفین کی پریشانی سمجھ کر نظرانداز کرنے کی بجائے ایک اصولی معاملہ کے طور پر طے کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ ملک میں ایسا نظام استوار ہوسکے جس میں ہر قسم کی سیاسی رائے رکھنے والے کو اپنی بات کہنے کی آزادی ہو اور وہ خوف کے بغیر حکومت کی کارکردگی کے علاوہ اپنے خیالات سامنے لاسکیں۔ یقیناً مخالف سیاسی لیڈروں پر بھی چند ضوابط پر پابندی لازمی ہوتی ہے لیکن کسی حکومت کو محض مخالفین کی بے اعتدالی کا حوالہ دے کر آئین کے تحت فراہم کردہ حقوق روندنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔

تحریک انصاف ان دنوں عمران خان کی رہائی اور اپنی سیاسی موجودگی کے لیے احتجاج کا اہتمام کرنا چاہتی ہے۔ خیبر پختون خوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے گزشتہ روز تند وتیز لہجے میں حکومت اور اسٹیبلشمنٹ پر سخت الزامات عائد کیے ہیں۔ حکومت کی طرف سے مزید سختی ایسے الزامات کا مناسب جواب نہیں ہوسکتی بلکہ اسے سیاسی رائے کے اظہار کے لیے زیادہ سپیس دینے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے تحریک انصاف کے احتجاج پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 'احتجاج کا مقصد ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے'۔ جاننا چاہیے کہ کوئی احتجاج اس وقت تک کسی نظام کو کمزور نہیں کرسکتا جب تک وہ اپنے شہریوں کے حقوق کی حفاظت کرتا رہے گا۔ حکومت کو کسی سیاسی احتجاج کو اپنی کمزوری کی بجائے، اپنی طاقت بنانا چاہیے۔



قوت

SHOWBIZ

لاہور: تھیٹر ڈرامہ "لاہوری بادشاہ" میں فیروزہ علی، نثارہ نور اور نازلی نور کی واپسی، شائقین پُر جوش

ڈرامے کی مرکزی کاسٹ میں تھیٹر کے مقبول فنکار شاہد خان، حامد رنگیلا اور بابر عباس بھی شامل ہیں، جو اپنی جاندار اداکاری اور کامیڈی کے لیے جانے جاتے ہیں







لاہور (شوبز رپورٹر) لاہور کے تھیٹر شائقین کے لیے ایک بڑی خوشخبری آگئی ہے، معروف اسٹیج اداکار ائیں فیروزہ علی، نثارہ نور اور نازلی نور ایک ساتھ نئے اسٹیج ڈرامہ "لاہوری بادشاہ" میں جلوہ گر ہونے جارہی ہیں۔ تھیٹر کی کامیابی کی علامت سمجھی جانے والی یہ تینوں فنکار ائیں کافی عرصے بعد اسٹیج پر اکٹھے نظر آئیں گی، جس پر شائقین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ڈرامے کی ہدایتکاری کے فرائض ڈاکٹر اجمل ملک انجام دے رہے ہیں ڈرامہ سی 8 تھیٹر میں پیش کیا جائے گا۔ ڈرامے کی مرکزی کاسٹ میں تھیٹر کے مقبول فنکار شاہد خان، حامد رنگیلا اور بابر عباس بھی شامل ہیں، جو اپنی جاندار اداکاری اور کامیڈی کے لیے جانے جاتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق "لاہوری بادشاہ" ایک خالص تفریحی اور خاندانی مزاحیہ اسٹیج ڈرامہ ہوگا جس میں لاہور کے کلچر، معاشرت اور سیاست پر طنز و مزاح کا رنگ بھی جھلکے گا۔ ڈرامے کی تیاری مکمل ہوچکی ہے اور شائقین کی بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔ پرنس ون اسٹیج کے ترجمان کے مطابق یہ ڈرامہ "ایک مکمل تفریحی پیکج" ہوگا جو ناظرین کو بھرپور محظوظ کرے گا۔



لیڈی گاگا 16 جولائی 2025 کو لاس ویگاس، نیواڈا میں ٹی-موبائل ایرینا میں دی میہیم بال کے کک آف کے دوران پرفارم کررہی ہیں

صنم سعید کی سالوں بعد ٹی وی اسکرین پر واپسی

اداکارہ نے سوشل میڈیا پر ٹی وی اسکرین پر واپسی کا اعلان کیا ہے



لاہور (این این آئی) ورسٹائل اداکارہ صنم سعید نے برسوں بعد ٹی وی اسکرین پر واپسی کا اعلان کردیا وہ جلد نئے ٹی وی ڈرامہ میں منفو نہیں ہوں میں اداکاری کرتی دکھائی دیں گی۔ یہ اعلان صنم سعید نے اپنے آفیشل انسٹاگرام پر ماضی کے ڈراموں کی جھلک پیش کرتے ہوئے کیا۔ وہ اب سے کچھ وقت قبل ڈرامہ سیریل دوسرا چہرہ میں جلوہ گر ہوئی تھیں۔ جس کے بعد اب وہ میں منفو نہیں ہوں میں اداکاری کے جوہر دکھائیں گی۔ جبکہ آخری مرتبہ صنم 2019 میں اپنے مشہور ڈرامے دیدن میں دکھائی دی تھیں جس کے بعد وہ ٹی وی اسکرین سے چند برسوں کیلئے دور ہوگئیں تاہم اب مداحوں کو ان کے شاندار کم بیک کی امید ہے۔ اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں ماضی کے یادگار کرداروں کو یاد کرتے ہوئے اداکارہ نے لکھا کہ وہ ایک نئے اور منفرد کردار میں طویل وقفے کے بعد دوبارہ ٹی وی اسکرین پر دوبارہ آنے والی ہیں۔ انہوں نے میں منفو نہیں ہوں میں اپنے کردار کے بارے میں بھی بتایا۔ صنم نے لکھا کہ وہ جلد ہی میں منفو نہیں ہوں میں مس ماریہ کے کردار میں نظر آئیں گی، اور انہیں امید ہے کہ مداحوں کو ان کا کردار بیحد پسند آئے گا۔ یاد رہے کہ حال ہی میں اداکارہ صنم سعید اور محب مرزا کے ہاں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی ہے۔ اداکارہ نے کچھ عرصہ قبل ہی ساتھی اداکار محب مرزا سے شادی کا انکشاف کیا تھا۔

کرن خان نے پہلی بار اپنی طلاق پر لب کشائی کردی

میں نے اپنے سابق شوہر کے بارے میں کبھی کوئی منفی بات نہیں، طلاق ہونی تھی ہوگئی کبھی کبھی دو اچھے لوگ ساتھ نہیں رہ سکتے

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ و میزبان کرن خان نے پہلی بار اپنی طلاق پر لب کشائی کر دی۔ حال ہی میں اداکارہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف امور پر اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کیا۔ گو کہ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ اداکارہ کی طلاق ہوچکی ہے اور ان کا سابق شوہر سے ایک بیٹا بھی ہے، جس کے ساتھ وہ اکثر تصاویر شیئر کرتی رہتی ہیں۔ اب حالیہ انٹرویو کے دوران انہوں نے طلاق اور طلاق کے بعد بچوں پر پڑنے والے اثرات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے تجربے کی روشنی میں کہا کہ جب میری پہلی طلاق ہوئی تو میں نے یہ کبھی نہیں کہا کہ گلے میں کوئی خرابی تھی، ہمارا کوئی جھگڑا تھا یا پھر کسی تیسرے کا کوئی معاملہ تھا۔ میں نے اپنے سابق شوہر کے بارے میں کبھی کوئی منفی بات نہیں کی بلکہ وہ بہت اچھے تھے۔ تاہم طلاق ہونی تھی اس لیے ہوگئی کبھی کبھی دو اچھے لوگ ساتھ نہیں رہ سکتے۔ کرن خان نے یہ مزید کہا کہ ہم دونوں کی شخصیات الگ الگ تھیں، انہوں نے بھی طلاق کے معاملے کو بہت میچورٹی کے ساتھ ڈیل کیا اور ان کے گھر والوں نے بھی اس لیے میں یہی کہتی ہوں کے میرے بیٹے کو دونوں طرف سے بہترین ماحول ملا، جس کی وجہ سے اس کی پرورش بہت پرسکون ماحول میں ہوئی۔



شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش (آج) 18 جولائی منایا جائیگا

مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں



ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش (آج) 18 جولائی منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ کلاسیکل موسیقی کے خاندان سے تعلق رکھنے والے استاد مہدی حسن 18 جولائی 1927ء کو بھارتی ریاست راجھستان میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1957ء میں کراچی میں ریڈیو پاکستان سے باقاعدہ گلوکاری کا آغاز کیا۔ انیس سو باسٹھ میں فلم فرنگی کے گیت گلوں میں رنگ بھرے بادِ نوبہار چلے مہدی حسن کی پہلی مشہور غزل تھی۔ مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں۔ اور جہاں غزل گائی اور سنی جاتی ہے وہاں مہدی حسن کی مدھر آواز کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔ ان کا گیت اک حسن کی دیوی سے مجھے پیار ہوا تھا اتنا مشہور ہوا کہ یہ گیت آج بھی مہدی حسن کے سب سے زیادہ مشہور گانوں میں شمار ہوتا ہے۔ مہدی حسن نے اپنی زندگی میں پچیس ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں۔ مہدی حسن کو مشکل راگوں پر بھی کمال گرفت حاصل تھی وہ آواز جو دلوں کو چھو لیتی تھی، وہ شہنشاہ غزل مہدی حسن کی آواز تھی۔ ایسی آواز، اب ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتی۔ مہدی حسن کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ حسن کارکردگی اور ہلال امتیاز سمیت تمام نمایاں قومی سطح کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ گائیکی کے میدان میں بام عروج پر پہنچنے کی طویل جدوجہد کے بعد مہدی حسن فالج، سینے اور سانس کی مختلف بیماریوں کا شکار ہوگئے اور طویل علالت کے بعد 13 جون 2012 کو کراچی میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے لیکن ان کے گائی ہوئی غزلیں اور گیت آج بھی کانوں میں رس گھول رہی ہیں۔

کسی اداکار کو کوئی پریشانی ہے تو مجھ سے رابطہ کریں، فیصل قریشی

میں، حنا بیات، عتیقہ اوڈھو، عمیر رانا اور دیگر ACT کے ممبرز 24 گھنٹے دستیاب ہیں

لاہور (این این آئی) اداکارہ حمیرا اصغر اور عائشہ خان کی افسوسناک اموات کے بعد معروف اداکار و میزبان فیصل قریشی نے فنکاروں کے لیے ایک جذباتی ویڈیو پیغام جاری کیا ہے جو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہا ہے۔ فیصل قریشی نے فنکار برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کسی بھی قسم کی پریشانی کا شکار ہیں تو خود کو اکیلا نہ سمجھیں، مجھ سے رابطہ کریں، میں اور دوسرے فنکار آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ACT (Actor,s Collective of Pakistan) پاکستان نامی تنظیم جو فنکاروں کی مدد کیلیے قائم کی گئی ہے اس نے حال ہی میں حمیرا اصغر اور عائشہ خان کی وفات کے بعد قرآن خوانی کا انعقاد کیا۔ فیصل قریشی نے کہا ACT میں ایسے لوگ موجود ہیں جو فنکاروں کو ہر ممکن طریقے سے سپورٹ فراہم کرتے ہیں، چاہے وہ مالی مشکلات ہوں یا صحت کے مسائل۔ انہوں نے مزید بتایا کہ میں، حنا بیات، عتیقہ اوڈھو، عمیر رانا اور دیگر ACT کے ممبرز 24 گھنٹے دستیاب ہیں، اگر کسی کو کسی بھی قسم کا مسئلہ ہو تو براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔



لولا پالوز ابرلن کے دوسرے دن اسٹیج پر پرفارم کررہی ہے

عاطف اسلم پاکستان کے سب سے مہنگے گلوکار ہیں، نعیم عباس روفی

عاطف اسلم امریکہ میں ایک شو کے لیے 70 ہزار ڈالر (1 کروڑ 96 لاکھ پاکستانی روپے) چارج کرتے ہیں



لاہور (این این آئی) پاکستانی موسیقی کی دنیا میں اگر دو نام سب سے زیادہ چمکتے ہیں تو وہ ہیں عاطف اسلم اور علی ظفر۔ ان دونوں فنکاروں نے نہ صرف پاکستان میں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی پہچان بنائی، اور ہر کوئی ان کی دل کو چھو لینے والی آواز اور فنکارانہ مہارت کا معترف ہے۔ لیکن اگر بات ہو معاوضے کی، تو کون ہے ان دونوں میں زیادہ مہنگا گلوکار؟ اس سوال نے حالیہ دنوں میں سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کی، جس کی وجہ نادر علی کی پوڈکاسٹ میں معروف گلوکار نعیم عباس روفی کی گفتگو بنی۔ عاطف اسلم نے اپنی موسیقی کا آغاز 2003 میں بینڈ جل کے ساتھ کیا، اور گانا عادت ان کی شناخت بن گیا۔ بالی ووڈ میں ان کے نغمے جیسے وہ لمحے، تیرا ہونے لگا ہوں اور دل دیاں گلاں نے بھی انہیں نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ نعیم عباس روفی کے مطابق، عاطف اسلم پاکستان کے سب سے مہنگے گلوکار ہیں۔ وہ امریکہ میں ایک شو کے لیے تقریباً 70 ہزار ڈالر (یعنی تقریباً 1 کروڑ 96 لاکھ پاکستانی روپے) چارج کرتے ہیں۔ دوسری جانب، علی ظفر ایک ہمہ جہت شخصیت ہیں۔ وہ نہ صرف ایک کامیاب گلوکار ہیں بلکہ اداکاری، پروڈیوسنگ اور یہاں تک کہ فلمسازی میں بھی اپنے جوہر دکھا چکے ہیں۔ ان کے گانے چھنو، جنل، راں جھاں سمیت کئی زبانوں میں مقبول ہوئے ہیں۔ تاہم، معاوضے کی دوڑ میں وہ عاطف اسلم سے کچھ پیچھے ہیں۔ نعیم عباس کے مطابق، علی ظفر پاکستان میں ایک شو کے لیے تقریباً 20 سے 25 لاکھ روپے وصول کرتے ہیں۔

نامور مزاحیہ اداکار البیلا کو مداحوں سے بچھڑے 21 برس بیت گئے

البیلا 17 جولائی 2004 کو لاہور میں حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کرگئے تھے

لاہور (این این آئی) نامور مزاحیہ اداکار البیلا کو مداحوں سے بچھڑے 21 برس بیت گئے۔ 1941 میں گوجرہ میں پیدا ہونے والے اختر حسین نے پاکستانی اسٹیج اور فلم میں البیلا کے نام سے شہرت پائی، البیلا نے اپنے کیریئر کا آغاز 70 کی دہائی میں لاہور سے کیا، انہوں نے پہلے اسٹیج اور پھر فلم میں اداکاری شروع کی اور ٹی وی پر انہوں نے پنجابی زبان کے کھیل اک سی بادشاہ میں اکبر اعظم کا کردار کیا۔ یہ کھیل مغل دور کی مشہور کہانی انارکلی کی پیروڈی تھا، ڈرامے میں البیلا کا کردار بہت سراہا گیا، ڈرامے میں شہزادہ سلیم کا کردار امان اللہ نے ادا کیا تھا، اس ڈرامے کے بعد ان کی جوڑی نے پھر اسٹیج ڈراموں میں بھی بہت مقبولیت حاصل کی۔ البیلا نے لاتعداد تھیٹر ڈراموں میں کام کیا، ان کا شمار لاہور کے کمرشل تھیٹر کے مقبول ترین اداکاروں میں ہوتا تھا، البیلا نے 200 سے زیادہ فلموں میں بھی کام کیا، فلم وارداتیا واحد فلم ہے جس میں انہوں نے مرکزی کردار ادا کیا تھا۔ البیلا 17 جولائی 2004 کو لاہور میں حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کرگئے تھے۔

اردو ادب کے عظیم شاعر ساغر صدیقی کی 51 ویں برسی 19 جولائی ہفتہ کو منائی جائیگی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) اردو ادب کے عظیم شاعر ساغر صدیقی کی 51 ویں برسی 19 جولائی ہفتہ کو منائی جائے گی۔ ساغر صدیقی 1928ء کو بھارت کے شہر انبالہ میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام محمد اختر جبکہ ساغر تخلص تھا۔ قیام پاکستان کے بعد ساغر صدیقی امرتسر سے لاہور منتقل ہو گئے ساغر صدیقی نے عشق مجازی، عشق حقیقی، جدوجہد، لگن اور آوارگی کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ان کے کلام کا بہت سا حصہ چھپ نہ سکا ہے جبکہ اکثر سرقہ کرلیا گیا تھا انہیں یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ وہ پاکستان کے غیر سرکاری قومی ترانے کے خالق بھی ہیں۔ درویش صفت شاعر ساغر صدیقی نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ بے سروسامانی کے عالم میں سڑکوں پر گزار دیا۔ ساغر صدیقی 19 جولائی 1974ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہوگئے۔

فلم انڈسٹری کے لیجنڈ اداکار محمد علی کا 94 واں یوم پیدائش 19 جولائی ہفتہ کو منایا جائیگا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیجنڈ اداکار محمد علی کا 94 واں یوم پیدائش 19 جولائی ہفتہ کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداح خصوصی تقریبات کا اہتمام کریں۔ معروف فلمی اداکار محمد علی جولائی 19 جولائی 1931ء کو بھارت کے شہر رام پور میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان کراچی سے کیا انہوں نے پونے تین سو کے قریب فلموں میں کام کیا جن میں اردو، پنجابی، پشتو، بنگالی اور ہندی فلمیں شامل ہیں فلم '' چراغ جلتا رہا ''ان کے فلمی کیریئر کی پہلی فلم تھی انہیں فلم دوریاں پر سپیشل ایوارڈ سے نوازا جاچکا ہے۔ اداکار محمد علی کی معروف فلمی ہیروئین ان کی بیوی '' زیبا، شبنم، دیبا، رانی، شمیم آرا، ممتاز، سنگیتا، فردوس، نیئر سلطانہ، زمرد، نغمہ، نیلو، آسیہ، بابرہ شریف، نشو، مسرت شاہین اور دیگر شامل ہیں۔ اداکار محمد علی سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے انہوں نے سابق صدر جنرل ضیاء الحق کے دور حکومت میں جیل بھی کاٹی تھی اداکار محمد علی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ لاہور میں منعقد ہونے والی اسلامی سربراہی کانفرنس کے دوران سعودی عرب کے بادشاہ شاہ فیصل مرحوم نے، ذوالفقار علی بھٹو شہید، سلطان قابوس، اور دیگر عالمی لیڈروں نے ان کے بنگلے پر قیام کیا تھا ان کے سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے ساتھ گہرے دوستانہ تعلقات تھے وہ ان کی حکومت میں ثقافت کے مشیر بھی رہے ہیں ۔ فلم '' دم مست قلندر '' ان کی زندگی کی آخری فلم تھی ان کا انتقال 19 مارچ 2006ء کو دل کے دورے کے باعث ہوا ان کی عمر 75 برس تھی۔

غزہ پر اسرائیلی حملے خوفناک اور ناقابلِ قبول ہیں، اولیویا روڈریگو

دنیا کے کسی بھی خطے میں، چاہے وہ اسرائیل ہو، فلسطین یا کوئی اور ملک، بچوں کے ساتھ وہ سلوک نہیں ہونا چاہیے جو آج ہم غزہ میں دیکھ رہے ہیں

نیویارک (این این آئی) پاپ میوزک کی مشہور گلوکارہ اولیویا روڈریگو نے غزہ میں جاری اسرائیلی حملوں پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم خوفناک اور ناقابلِ قبول ہیں۔ اولیویا روڈریگو نے غزہ پر جاری اسرائیلی حملوں پر شدید ردعمل دیا ہے۔ انہوں نے انسٹاگرام پر ایک اسٹوری میں لکھا کہ فلسطین میں معصوم انسانوں پر ہونے والے مظالم دیکھ کر وہ دل شکستہ ہیں اور ان کے جذبات کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ اولیویا روڈریگو کے مطابق غزہ میں مائیں، باپ اور بچے شدید بھوک و پیاس کا شکار ہیں اور انہیں طبی امداد اور دیگر انسانی سہولیات سے محروم رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا کے کسی بھی خطے میں، چاہے وہ اسرائیل ہو، فلسطین یا کوئی اور ملک، بچوں کے ساتھ وہ سلوک نہیں ہونا چاہیے جو آج ہم غزہ میں دیکھ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صورتحال نہایت خوفناک اور ناقابلِ قبول ہے اور اگر ہم خاموش رہیں گے تو یہ ہماری مشترکہ انسانیت سے انکار ہوگا۔ گریمی ایوارڈ یافتہ گلوکارہ نے بتایا کہ انہوں نے اقوام متحدہ کے ادارہ یونیسف کو عطیہ دیا ہے تاکہ متاثرہ افراد کی مدد ہو سکے اور اپنے مداحوں سے بھی اپیل کی کہ اگر وہ استطاعت رکھتے ہیں تو عطیہ دیں۔ اولیویا روڈریگو ان متعدد فنکاروں میں شامل ہوگئی ہیں جنہوں نے حالیہ دنوں میں غزہ میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف آواز بلند کی ہے۔



ایڈولیسنس کے 15 سالہ اداکار اوون نے ایمی ایوارڈز کے لیے نامزد ہوکر تاریخ رقم کردی

لندن (این این آئی) برطانوی سیریز ایڈولیسنس کے 15 سالہ اداکار اوون کوپر ایمی ایوارڈز کے لیے نامزد ہونے والے سب سے کم عمر اداکار بن گئے۔ 77 ویں پرائم ٹائم ایمی ایوارڈز کو 14 ستمبر 2025 کو سی بی ایس پر براہ راست نشر کیا جائے گا، میزبانی کے فرائض مشہور کامیڈین نیٹ بارگاٹز انجام دیں گے، کامیڈین کو اپنے شو "یور فرینڈ، نیٹ بارگاٹز کیلیے ایمی ایوارڈ میں نامزدگی بھی حاصل ہوئی ہے۔ نوجوان اداکار اوون کوپر نے اس معتبر ایوارڈ کے لیے نامزدگی حاصل کرکے سب سے کم عمر اداکار کے طور پر ایمی ایوارڈ کیلیے نامزد ہوکر نئی تاریخ رقم کی ہے۔ ویب سیریز میں مرکزی کردار نبھانے والے اوون نے اپنی زندگی میں پہلی بار اداکاری کی



حیسمین ہیمسلے لندن، انگلینڈ میں چیلسی میں بلیو برڈ کلب کے آغاز میں شرکت کررہی ہیں



لاس ویگاس- Mobile Arena میں Lady Gaga کے The MAYHEM بال ٹور کے آغاز میں شائقین شرکت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پنجاب کے 189 شہروں کو پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں شامل کیا گیا

لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ چونیاں کا اس لسٹ میں نام ہی نہیں ہے شہر چونیاں کو ترقی سے روکا جا رہا ہے



چونیاں (نمائندہ قوت) سابقہ چیئرمین میونسپل کمیٹی سابقہ بار صدر میاں نسیم احمد ایڈووکیٹ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے 189 شہروں کو پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں شامل کیا گیا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ چونیاں کا اس لسٹ میں نام ہی نہیں ہے شہر چونیاں کو ترقی سے روکا جا رہا ہے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام ایک ایسا منصوبہ ہے کہ لسٹ میں جن شہروں کے نام ہیں ماڈل شہر بنائے جائیں گے مزید میاں نسیم احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ کیوں پنجاب حکومت چونیاں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہی ہے انھوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صاحبہ مسلم لیگ ن کے رہنما رانا محمد سحاق خاں انشاءاللہ ایم این اے شیخ علاوالدین انشاءاللہ ایم پی اے اور چوہدری احسن رضا خاں ایم پی اے سے اپیل کی ہے کہ شہر چونیاں کو پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں شامل کیا جائے آخر میں انھوں نے کہا کہ میں اہلیان شہر کی آواز بن کر یہ اپنے قائدین سے گزارش کرتا ہوں کہ شہر چونیاں کا نام پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام میں شامل کیا جائے تاکہ شہر چونیاں کی عوام اپنے شہر کو ماڈل شہر دیکھ کر خوش ہوں میاں نسیم احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ بہت جلد میں رانا محمد اسحاق خاں صاحب شیخ علاوالدین صاحب اور چوہدری احسن رضا ایم پی اے صاحب سے ملاقات کر کے ان کے نوٹس میں لاوں گا اور بہت جلد عملدرآمد کرواوں گا

معروف تاجر شیخ خرم نے جالندھر ٹریڈرز ای وی شوروم کراؤن CMC الیکٹرک سکوٹی کا افتتاح کر دیا



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد کے معروف تاجر شیخ خرم نے جالندھر ٹریڈرز کراؤن CMC الیکٹرک سکوٹی کے جدید شوروم کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں شہر کی ممتاز کاروباری اور سماجی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں ریجنل مینیجر انعام الحق اور سیلز ایگزیکٹو عدنان لودھی، شیخ شفقت علی، شیخ سہیل، عمران مغل، طاہر بٹ، مصطفےٰ بٹ اور ملک فیصل شریک ہوئے۔ تمام معزز مہمانان نے شیخ خرم کو نئے کاروباری منصوبے کی تکمیل پر مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شیخ خرم نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیاں مستقبل کا روشن ذریعہ ہیں، اور کراؤن CMC

ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا چارج سب انسپکٹر ساجد چھینہ کو سونپ دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا چارج سب انسپکٹر ساجد چھینہ کو سونپ دیا گیا جنہوں نے امور ذمہ داری کی انجام دہی شروع کر دی ہے ساجد چھینہ کا شمار محکمہ کے مستعد اور فرض شناس آفیسرز میں ہوتا ہے انہوں نے چارج سنبھالتے ہی ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء کے امور کو فعال کرنے کیلئے اقدامات اٹھانے کے ساتھ آگاہی مہم پر خصوصی توجہ دی ہے ساجد چھینہ نے ماتحت افسران و عملہ کو ہدایت کی کہ میرٹ کی بالادستی یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے نااہلی و کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سیلابی صورتحال کے پیش نظر دھرابی پل کا معائنہ کیا

کرنل زین العابدین بھی ہمراہ تھے- حالیہ بارشوں سے ضلع چکوال و تلہ گنگ میں ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے سیلابی صورتحال کے پیش نظر دھرابی پل کا معائنہ کیا- کرنل زین العابدین بھی ہمراہ تھے- حالیہ بارشوں سے ضلع چکوال و تلہ گنگ میں ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس موقع پر ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ، اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ رانا صفدر شبیر بھی موجود تھے۔



جاری کی کہ حالیہ بارشوں سے نقصان زدہ سڑکوں کی مرمت اور بحالی کا کام معیاری انداز میں ترجیحی بنیادوں پر سے مکمل کیا جائے تاکہ ملحقہ آبادیوں کے مکینوں کی سفری مشکلات کا فوری ازالہ کیا جا سکے۔

بڑا گھر کے قریب نہر میں پڑنے والے شگاف کو بند کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اپنی نگرانی میں ہیوی مشینری کے ذریعے شگاف کو بند کروایا

نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بڑا گھر کے قریب نہر میں پڑنے والے شگاف کو بند باندھنے کے لیے ہیوی مشینری سمیت کا استعمال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر



راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام متعلقہ افسران فیلڈ میں موجود ہیں۔ ضلع بھر میں نکاسی آب آپریشن بھی پوری قوت کے ساتھ جاری ہے۔ بارشی پانی کا نکاس یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

عشرہ سوئم محرم الحرام کے سلسلہ میں برائے ایصال ثواب بیگم وسید افتخار علی گیلانی مرحوم مجلس عزاء رہائشگاہ سید اظہر عباس گیلانی گلی نمبر 3 گھنگ روڈ میں منعقد ہوئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) عشرہ سوئم محرم الحرام کے سلسلہ میں برائے ایصال ثواب بیگم وسید افتخار علی گیلانی مرحوم مجلس عزاء رہائشگاہ سید اظہر عباس گیلانی گلی نمبر 3 گھنگ روڈ میں منعقد ہوئی جس میں علامہ محمد تقی مہدوی آف کراچی اور ذاکر سید اقبال شاہ آف بھجاڑ والا نے ذکر مظلوم کربلا بیان فرمائے مجلس عزا میں کثیر تعداد میں مومنین مومنات نے شرکت کی، محفل کا اہتمام ایڈمن آفیسر ڈی سی آفس سید اظہر عباس گیلانی اور صاحبزادہ سید علی امام گیلانی نے کیا جبکہ سید سلیم رضا گیلانی سید سعید رضا گیلانی ایڈووکیٹ اور سید ظفر عباس گیلانی خصوصی شرکت کی شرکاء کیلئے حسینی لنگر اور جبکہ خواتین کیلئے پردہ کا اہتمام کیا گیا تھا، مجلس عزاء سے خطاب کرتے ہوئے علامہ محمد تقی مہدوی اور ذاکر سید اقبال شاہ نے کہا کہ سیدنا امام حسین علیہ السلام نے ظالم کے خلاف قیام کا درس دیا سید الشہداء کی قربانی کے پیغام کو سمجھنے کیلئے کربلا کے ہر پہلو کا مطالعہ کرنا ضروری ہے امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام نے دین اسلام کی بقاء کی خاطر اپنے پیاروں کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے نانا پیغمبر اسلام ﷺ کے دین کی حفاظت کی کربلا کے ہر پہلو میں ہمارے لئے پیغامات پوشیدہ ہیں امام حسین علیہ السلام کی بیعت کے بدلے یزید انہیں دنیا جہاں کی دولت دینے کیلئے تیار تھا تاہم امام عالی مقام نے اپنے ضمیر اور دین اسلام کا سودا نہیں کیا اور ظالم کے خلاف قیام کیا، ہم سب کیلئے ضروری ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے فلسفے کو سمجھنے کیلئے کربلا کے واقعات کا بغور مطالعہ کریں، حضرت امام حسینؓ علیہ السلام نے کربلا میں حق و صداقت کا علم بلند کیا اور دین اسلام کو تاقیامت جلاء بخشی آپؓ کی سیرت ہمارے لیے مشعل راہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں، حضور نبی کریمؐ نے بچپن میں ہی حسنین کریمین کے جنت کے نوجوانوں کے سردار ہونے کی بشارت دی جو انکی عظمت و رفعت کی عکاسی ہے۔

جماعت اہلسنت پاکستان قانون تحفظ ناموس رسالت کی پاسبان ہے: پروفیسر پیر سید مظہر سعید شاہ کاظمی



عارفوالا (نمائندہ قوت) جماعت اہلسنت پاکستان قانون تحفظ ناموس رسالت کی پاسبان ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ نے ون ویے ٹریفک چلا کر قوم کو مایوس کیا ہے نیز جماعت اہلسنت پاکستان نے 18 جولائی بروز جمعہ کو بطور یوم تحفظ ناموس رسالت منایا اور ہم تحفظ ناموس رسالت کے جمعہ کو آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے ان خیالات کا اظہار جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی امیر پروفیسر پیر سید مظہر سعید شاہ کاظمی، مرکزی ناظم اعلیٰ پیر طریقت رہبر شریعت صاحبزادہ پیر خالد سلطان القادری سروری اور مرکزی ترجمان جماعت اہل سنت پاکستان پروفیسر ڈاکٹر محمد صدیق خان نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایک حالیہ متنازعہ فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ مرکزی امیر پروفیسر پیر سید مظہر سعید شاہ کاظمی نے کہا کہ جماعت اہلسنت پاکستان کی فکری، نظریاتی اور روحانی سرحدوں کی محافظ پاسبان ہے۔ ہمارے بزرگوں نے 1946ء میں آل انڈیا سنی کانفرنس میں ہزاروں علماء اور مشائخ کی موجودگی میں متفقہ طور پر تحریک پاکستان کی بھرپور مدد فرما کر قیام پاکستان کو ممکن بنایا تھا۔ انہی علماء و مشائخ کی یادگار غزالی زماں حضرت علامہ پیر سید احمد سعید شاہ کاظمی رحمتہ اللہ علیہ نے جماعت اہلسنت پاکستان کی بنیاد رکھ کر اس بات کو یقینی بنایا تھا کہ کوئی دشمن پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کے خلاف میلی آنکھ سے نہ دیکھ سکے انہوں نے کہا کہ جماعت اہلسنت اور کے اکابرین کی مسلسل محنت اور کوشش سے پوری قوم نے متحد ہو کر ناموس رسالت اور دیگر متعلقہ قوانین کو بنایا تھا ان قوانین پر پوری قوم متفق اور متحد ہے اور ان میں کسی قسم کی چھیڑ چھاڑ کی اجازت نہیں دی جائے گی جماعت اہلسنت قوانین ناموس رسالت کے خلاف کی گئی ہر قسم کی ظاہری اور چھپی کوشش کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگی اس موقع پر جماعت اہلسنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ پیر خالد سلطان القادری سروری نے کہا کہ توقع کی جا رہی تھی کہ اسلام آباد کی ہائی کورٹ حسب روایت اعلیٰ روایات کو قائم رکھتے ہوئے ناموس رسالت کے تحفظ کے لیے ایسی قانونی تشریح کرے گی جس سے وطن عزیز کی عدالتی تاریخ کا سر فخر سے بلند ہوگا مگر آمدہ اطلاعات کے مطابق معزز عدالت نے ایک فریق کو سنا اور دوسرے فریق کو اپنا موقف پیش کرنے کی اجازت نہ دے کر پوری قوم کو مایوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی تاریخ میں ون ویے ٹریفک کی یہ منفرد مثال قائم ہوگئی ہے جس پر ہمیں دکھ ہے۔

عشرہ سوئم محرم الحرام کے سلسلہ میں برائے ایصال ثواب بیگم وسید افتخار علی گیلانی مرحوم مجلس عزاء رہائشگاہ سید اظہر عباس گیلانی گلی نمبر 3 گھنگ روڈ میں منعقد ہوئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) عشرہ سوئم محرم الحرام کے سلسلہ میں برائے ایصال ثواب بیگم وسید افتخار علی گیلانی مرحوم مجلس عزاء رہائشگاہ سید اظہر عباس گیلانی گلی نمبر 3 گھنگ روڈ میں منعقد ہوئی جس میں علامہ محمد تقی مہدوی آف کراچی اور ذاکر سید اقبال شاہ آف بھجاڑ والا نے ذکر مظلوم کربلا بیان فرمائے مجلس عزا میں کثیر تعداد میں مومنین مومنات نے شرکت کی، محفل کا اہتمام ایڈمن آفیسر ڈی سی آفس سید اظہر عباس گیلانی اور صاحبزادہ سید علی امام گیلانی نے کیا جبکہ سید سلیم رضا گیلانی سید سعید رضا گیلانی ایڈووکیٹ اور سید ظفر عباس گیلانی خصوصی شرکت کی شرکاء کیلئے حسینی لنگر اور جبکہ خواتین کیلئے پردہ کا اہتمام کیا گیا تھا، مجلس عزاء سے خطاب کرتے ہوئے علامہ محمد تقی مہدوی اور ذاکر سید اقبال شاہ نے کہا کہ سیدنا امام حسین علیہ السلام نے ظالم کے خلاف قیام کا درس دیا سید الشہداء کی قربانی کے پیغام کو سمجھنے کیلئے کربلا کے ہر پہلو کا مطالعہ کرنا ضروری ہے امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام نے دین اسلام کی بقاء کی خاطر اپنے پیاروں کی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اپنے نانا پیغمبر اسلام ﷺ کے دین کی حفاظت کی کربلا کے ہر پہلو میں ہمارے لئے پیغامات پوشیدہ ہیں امام حسین علیہ السلام کی بیعت کے بدلے یزید انہیں دنیا جہاں کی دولت دینے کیلئے تیار تھا تاہم امام عالی مقام نے اپنے ضمیر اور دین اسلام کا سودا نہیں کیا اور ظالم کے خلاف قیام کیا، ہم سب کیلئے ضروری ہے کہ نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے فلسفے کو سمجھنے کیلئے کربلا کے واقعات کا بغور مطالعہ کریں، حضرت امام حسینؓ علیہ السلام نے کربلا میں حق و صداقت کا علم بلند کیا اور دین اسلام کو تاقیامت جلاء بخشی آپؓ کی سیرت ہمارے لیے مشعل راہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں، حضور نبی کریمؐ نے بچپن میں ہی حسنین کریمین کے جنت کے نوجوانوں کے سردار ہونے کی بشارت دی جو انکی عظمت و رفعت کی عکاسی ہے۔

بن باجوہ کے نوجوان ہمیشہ کی طرح اس سال بھی 14 اگست کی خوشی میں تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کے لیئے خون کے عطیات جمع کرنے کے لیئے پر جوش

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) کسی درد پیغام ویلفیئر فاؤنڈیشن ڈسکہ، عشرت حسین انصاری



وائس چیئرمین پیغام ویلفیئر فاؤنڈیشن ڈسکہ شفقت ملہی، نعیم بٹ، میاں اصغر، اویس مغل، مدثر مغل، محمد خان، چوہدری شفیق گجر شامل تھے، حاجی سرفراز نے وفد کو تھیلیسیمیا کے مریضوں سے ملاقات کروائی اور جدید ترین لیب کا بھی وزٹ کر وایا، آخر میں بن باجوہ کے بانیوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انھوں نے تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیئے خون کے عطیات جمع کرتے ہیں، وفد نے بھی اس نیک مشن میں اپنے پورا تعاون کا یقین دلایا، اور کہا انشاء اللہ اس دفعہ بھی کوشش کریں گے کہ پچھلے سال سے زیادہ خون کے عطیات جمع کریں گے۔

کمشنر لاہور ڈویژن کا ضلع ننکانہ صاحب کا دورہ

کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے تحصیل ننکانہ اور شاہکوٹ کے مختلف علاقوں اور انہار کا دورہ کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کمشنر لاہور ڈویژن کا ضلع ننکانہ صاحب کا دورہ، کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے تحصیل ننکانہ اور شاہکوٹ کے مختلف علاقوں اور انہار کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے نہروں۔ نالوں۔ ایمرجنسی کیمپس۔ ریلیف کیمپس انتظامات کا آن سپاٹ جائزہ لیا۔ انہوں نے بنیادی مرکز صحت ینکن آباد کی ری ویمپنگ کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کیلئے شہریوں کے جان و مال کی حفاظت ترجیح ہے۔ کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے اسسٹنٹ کمشنرز اور ایریگیشن افسران کو تمام نہروں۔ نالوں۔ سیم نالوں کو ری وزٹ کرنے کی ہدایت کر دی۔ کمشنر لاہور نے شاہکوٹ کینال پر آبپاشنز کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ ریسکیو ریلیف آپریشنز کیلئے ضلعی انتظامیہ ایریگیشن کیلئے تمام وسائل فراہم کر رہی ہے۔ ضلع ننکانہ صاحب میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کنٹرول و مانیٹرنگ سنٹرز قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اضلاع پی ڈی ایم اے سے مکمل رابطہ میں رہیں۔ تمام ہدایات پر من وعن عمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ، سی او ہیلتھ ڈاکٹر وجیل اختر سمیت دیگر افسران بھی کمشنر لاہور کے ہمراہ تھے۔

ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاؤالدین سے حافظ آباد جیل منتقل کیے جانے والے اسیران میں متعدد خطرناک قیدی بھی بتائے جاتے ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاؤالدین سے حافظ آباد جیل منتقل کیے جانے والے اسیران میں متعدد خطرناک قیدی بھی بتائے جاتے ہیں۔ تحفظ سیکورٹی کے نقطہ نظر سے ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاؤالدین میں بارش کا پانی داخل ہونے اور دیوار گرنے کے باعث حافظ آباد جیل شفٹ کیا گیا ہے



محلہ بہاولپورہ شرقی وغربی کے رہائشیوں کو طویل عرصے سے گندے پانی اور بند سیوریج جیسے مسائل کا سامنا ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مبارک کالونی، حسن ٹاؤن، گلی مہر شریف آڑھتی والی اور محلہ بہاولپورہ شرقی وغربی کے رہائشیوں کو طویل عرصے سے گندے پانی اور بند سیوریج جیسے مسائل کا سامنا ہے، مگر حکومتی سطح پر تاحال کوئی موثر قدم نہیں اٹھایا گیا۔ شہریوں کے مطالبہ پر مسجد یا رسول اللہ ﷺ سے مسجد پٹھانوں والی تک موجود تقریباً چار فٹ چوڑی مین سیوریج لائن صرف صفائی نہ ہونے کے باعث بند ہوئی ہے، مگر میونسپل حکام جان بوجھ کر اعلیٰ افسران کو گمراہ کر رہے ہیں کہ لائنیں بیٹھ چکی ہیں ※※ صاف ستھرا پنجاب پروگرام ※※ حافظ آباد میں اشتہارات اور فوٹو سیشنز تک محدود ہے جبکہ زمینی صورتحال اس کے برعکس ہے۔ سابق چیئرمین پریس کلب چودھری امجد پرویز چٹھہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، چیف سیکریٹری پنجاب اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ چار فٹ چوڑی مین سیوریج لائن کی فوری صفائی کرائی جائے، تاخیر کے ذمہ دار افسران کے خلاف انکوائری عمل میں لائی جائے اور صاف ستھرا پروگرام کا مکمل آڈٹ کرایا جائے۔

آئس اور چرس کی سرعام فروخت شہری پریشان شہر اور گردونواح میں سرعام نشے کی فروخت جاری

شہری شدید پریشان ہر چوک چوراہے میں نشیئوں کی ٹولیوں نے ڈیرے جما لیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) آئس اور چرس کی سرعام فروخت شہری پریشان شہر اور گردونواح میں سرعام نشے کی فروخت جاری ہے گلی محلے نشیئوں کی آماجگاہ بن گئے گلی گلی آئس اور چرس بکنے لگی منشیات فروشوں اور محلوں میں اودھم مچاتے نشیئوں کو قابو کرنا پولیس کیلئے کڑا امتحان بن چکا ہے شہری شدید پریشان ہر چوک چوراہے میں نشیئوں کی ٹولیوں نے ڈیرے جما لیے گھروں کے باہر جملے کستے نشئی پولیس کے شکنجے سے باہر شہریوں نے پولیس کے اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا شہریوں کا کہنا تھا دن بدن نشیئوں کی تعداد میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے نوجوان نشے کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں درجنوں موت کی آغوش میں جا چکے مگر منشیات فروشی کے خاتمے کیلئے کوئی خاطرخواہ اقدامات نہیں کیے جا رہے انھوں نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے مطالبہ کیا ہے کہ آئس سمیت دیگر منشیات فروشی کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچایا جا سکے۔

سی سی ڈی جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل کاروائیوں میں مصروف عمل ہے

گزشتہ ایک ماہ کے دوران ایک سو سے زائد اشتہاری مجرمان سمیت 3 کروڑ 50 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا ہے



جھنگ (بیورو رپورٹ) سی سی ڈی جھنگ کے ڈسٹرکٹ آفیسر چوہدری غضنفر علی گجر نے کہا کہ سی سی ڈی جرائم پیشہ افراد کے خلاف مسلسل کاروائیوں میں مصروف عمل ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران ایک سو سے زائد اشتہاری مجرمان سمیت 3 کروڑ 50 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا ہے گزشتہ روز پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ ایس ایچ او تھانہ سی سی ڈی کی زیر نگرانی سب انسپکٹر مبشر احمد، اے ایس آئی غلام مرتضیٰ، اے ایس آئی اعجاز حسین، اے ایس آئی مظفر خان غازی، اے ایس آئی وقار احمد سمیت دیگر اہلکاروں نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے چار موٹر کاریں، 40 موٹر سائیکلیں، سولر موٹریں، 32 تولہ طلائی زیورات اور نقدی 20 لاکھ روپے کل مالیتی 3 کروڑ 50 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کر لیا ہے اس عرصہ کے دوران 113 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے جن میں تھانہ کوٹ مبارک ڈیرہ غازی خان کا 30 سالہ پرانا قتل کا اشتہاری مجرم منظور جوکہ اپنگل امام میں محمد علی کے نام سے شناختی کارڈ بنوا کر روپوش کی زندگی گذار رہا تھا 24 سنگین مقدمات کے اشتہاریوں سمیت 113 اشتہاری مجرمان گرفتار کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ سی سی ڈی نے منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 17 کلو 200 گرام چرس، آدھا کلو افیون اور 43 غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد کیا ہے انہوں نے کہا کہ اس عرصہ میں گشت کے دوران ریکارڈ یافتہ مجرمان سے پولیس مقابلہ جات ہوئے ہیں جن میں دو ملزمان ہلاک ہوئے اور چھ ملزمان زخمی ہوئے بلاق شاہ سے اغوا کیے گئے دو سالہ بچے سمیت دس بچے مختلف جگہوں سے تلاش کر کے والدین کے حوالے کیے گئے اسلحہ نمائش، ڈالہ کلچر، ٹک ٹاکرز کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 22 مقدمات درج ہوئے اور اسلحہ کی برآمدگی بھی کی گئی ہے

تھانہ صدر سیالکوٹ، لدھڑ چوک ناکے پر پولیس اور ڈاکوؤں میں مڈبھیڑ

بیسیوں سنگین مقدمات میں ملوث 2 ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تھانہ صدر کے علاقے لدھڑ چوک میں پولیس ناکے پر موجود ٹیم نے مشکوک موٹر سائیکل سوار تین افراد کو رکنے کا اشارہ کیا، جو رکنے کے بجائے پولیس پارٹی پر فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس ٹیم نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی اور فوری طور پر علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ صدر اور دیگر پولیس نفری بھی موقع پر پہنچ گئی۔ دورانِ سرچ آپریشن دو ملزمان کی لاشیں برآمد ہوئیں، جن کے قریب ایک موٹر سائیکل اور دو عدد 30 بور پسٹل بھی موجود تھے۔ جو کہ اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے ہیں۔ ہلاک ملزمان کی شناخت بلال احمد اور محمد اعظم کے ناموں سے ہوئی ہے، جو ڈکیتی، راہزنی، قتل اور اقدام قتل جیسے بیسیوں سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ جبکہ ایک ملزم اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گیا ہے جس تلاش و گرفتاری کے لیے علاقے میں ناکہ بندی اور سرچ آپریشن جاری ہے۔

ڈاکوؤں اور سی سی ڈی پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈاکوؤں اور سی سی ڈی پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ دربار ترٹ مراد شاہ دیپالپور کے قریب ڈاکوؤں اور سی سی ڈی پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو مصنف شاہ زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے زخمی ڈاکو سے موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔

مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ ستراہ کے محمد ناصر کے گھر کی سیف الماری سے سونے کا سیٹ اور کانٹے باون ڈیڑھ تولہ چوری موٹرہ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 8700 روپے اور موبائل فون چھین لیا اوٹھیاں کے محمد پرویز کی کھیت کے باہر سے موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

مدہ کوٹلی میں دو بچوں کی ماں کو مبینہ طور پر سسرالیوں نے زہریلی گولیاں دیکر ابدی نیند سلا دیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) مدہ کوٹلی میں دو بچوں کی ماں کو مبینہ طور پر سسرالیوں نے زہریلی گولیاں دیکر ابدی نیند سلا دیا۔ پولیس تھانہ کوٹ نینالں نے والدہ کی مدعیت میں شوہر، نند اور سسر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ فیصل آباد کی رہائشی نشا کی 6 سال قبل شکرگڑھ کے موضع مدہ میں شادی ہوئی۔ جہاں شوہر اس پر بات بات پر تشدد کرتا۔ مقتولہ کی والدہ نسیم بی بی کا کہنا ہے کہ اپنے بیان میں کہا کہ میرا داماد گھر میں آئے روز معمولی تکرار پر تشدد کرتا رہا اور کسی اور لڑکی کے ساتھ عاشقی کرتا تھا۔ جس کے روکنے پر میری بیٹی کو راستے سے ہٹانے کے لیے زہریلی گولیاں دیکر مار ڈالا۔ پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ اور والدہ کی مدعیت میں داماد، نند اور سسر پر مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

سٹی پریس کلب شکرگڑھ کے وفد کی نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ میاں عدنان عاطف کے ساتھ ملاقات

سٹی پریس کلب کے وفد نے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کو شکرگڑھ میں صفائی کے ناقص انتظامات، سیوریج کی ابتر صورتحال، شہر کے مختلف چوک چوراہوں پر ناجائز تجاوزات کے خلاف موثر اقدامات پر توجہ دلائی



شکرگڑھ (عمران عارف سے) سٹی پریس کلب شکرگڑھ کے وفد کی نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ میاں عدنان عاطف کے ساتھ ملاقات، شہری مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ سٹی پریس کلب کے وفد نے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کو شکرگڑھ میں صفائی کے ناقص انتظامات، سیوریج کی ابتر صورتحال، شہر کے مختلف چوک چوراہوں پر ناجائز تجاوزات کے خلاف موثر اقدامات پر توجہ دلائی۔ انہوں نے شہریوں کو درپیش روزمرہ کے مسائل اور عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح اور سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے۔ ملاقات کا مقصد نئے افسر سے تعارف کے ساتھ ساتھ شہر کے دیرینہ مسائل کو اجاگر کرنا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میڈیا نمائندگان تحصیل ایڈمنسٹریشن کے کان، آنکھ کی مانند ہیں۔ وہ انتظامیہ کے ساتھ مثبت رابطہ رکھیں اور کسی بھی شکایت یا تجویز کو بلا جھجھک دفتر تک پہنچائیں۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، سٹی پریس کلب شکرگڑھ کے تمام احباب نے نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر شکرگڑھ میاں عدنان عاطف کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ شہر کے مسائل حل کے لیے اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے۔

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مرید کے پریس کلب کے چیئرمین شاہد محمود کی سات سالہ بیٹی گولی لگنے سے جانبحق

مرید کے (تحصیل رپورٹر) تھانہ سلاماں میں سینئر صحافی ان جی او چلانے والے رہنما کے گھر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مرید کے پریس کلب کے چیئرمین شاہد محمود کی سات سالہ بیٹی گولی لگنے سے جانبحق ملزمان فرار، پولیس تاحال گرفتار نہ کر سکی صحافی تنظیموں کی مذمت آئی جی پولیس پنجاب سے ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ تفصیل کیمطابق تھانہ صدر کی آبادی تھانہ سلاماں میں سینئر صحافی شاہد محمود کے گھر صحن میں سات سالہ بیٹی کھیل رہی تھی کہ گھر کی دوسری جانب سے نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کی زد میں آ کر سینئر صحافی شاہد محمود کی سات سالہ بیٹی ایمان شاہد آ گئی جس کو سینے میں گولی لگنے سے موقع پر ہی دم توڑ گئی جانبحق ہو گئی جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب رہے شاہد محمود نے بچی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا لیکن جانبر نہ ہو سکی بچی کی موت پر صحافی تنظیموں نے مذمتی قرارداد میں منظور کرتے آئی جی پولیس پنجاب، آر پی او ریجن شیخوپورہ، ڈی پی او شیخوپورہ سے فوری ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کر دیا ہے

عارف والا/ زمین کے تنازع پر فائرنگ، چچازاد بھائی جاں بحق

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

رس میں کامیابیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بنگلہ دیش سے ویمن فرسٹ ایجنڈے کے تحت خواتین کی قیادت میں صنعتی کلسٹرز اور ڈیجیٹل اپ سکلنگ پروگرامز میں اشتراک کا خیر مقدم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پنجاب اور بنگلہ دیش کے مابین زراعت اور فوڈ سیکیورٹی کے شعبے میں بھی وسیع تعاون کی گنجائش ہے، جنوری 2025 میں ایم او یو کے تحت پنجاب بنگلہ دیش کو 50 ہزار ٹن اعلیٰ معیار کا چاول برآمد کر چکا ہے، فارما اور میڈیکل ڈیوائسز کیلئے پنجاب بنگلہ دیش کو عالمی معیار کی لیبارٹریز، سرجیکل برآمدات سے سستی اور مشترکہ برانڈنگ کا موقع فراہم کر سکتا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ بنگلہ دیش کی جانب سے ویزا کلیئرنس میں آسانی، انسپکشن میں نرمی اور ڈھاکہ ایئرپورٹ سیکیورٹی ڈیسک ختم کرنے جیسے اقدامات باہمی اعتماد کی نشانی ہے، لاہور اور ڈھاکہ میں پاکستان بنگلہ دیش جوائنٹ چیمبر آف کامرس کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں۔مریم نواز نے کہا کہ بنگلہ دیشی بھائیوں سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ پاکستان کی مضبوطی اور استحکام کیلئے نظریہ الحاق پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں بہادر افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے اداروں نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لئے جنگیں لڑی اور آج بھی وہ قربانیوں کا تسلسل جاری رکھے ہوئے ہیں جس کی بناء پر پوری قوم ان کے شانہ بشانہ بھی ہے اور انہیں مضبوط، خوشحال، جمہوری پاکستان کا نشان منزل تصور کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت اقوام متحدہ کے چارٹر، سیکورٹی کونسل کی قراردادوں، پنڈت جواہر لعل نہرو کے وعدوں پر پورا نہ اترا تو وہ اپنی سالمیت خود پارہ پارہ کردے گا۔تحریک آزادی کشمیر نہ تو زمینی جھگڑا ہے نہ مذہبی تنازعہ اور علیحدگی کی جدوجہد ہے۔یہ خود رو پودوں کی طرح اگنے والی جمہوری تحریک ہے۔بھارت نے آرٹیکل 370 اور دفعہ 35 اے میں ترمیم کے بعد تیس لاکھ غیر ریاستی باشندوں کو ریاستی حقوق دیئے جو اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی بھیانک سازش ہے لیکن اس کے باوجود کشمیری مرد وخواتین، نوجوان، سروں کی فصلیں کٹوا کر کفن کا لباس زیب تن کرتے ہوئے پاکستان سے رشتہ کیا۔لا الہ الا اللہ کا نعرہ بلند کرتے ہیں جو بھارت کی پسپائی اور آزادی کے مقدس مشن کی ضمانت ہے

بقیہ جات 6

کستان سے غیر مشروط وابستگی اور لازوال محبت کی نشاندہی کرتی ہے۔کشمیریوں نے 1947 میں پاس کی جانے والی اپنی اس تاریخی قرارداد کے ذریعے اپنا منتقبل مملکت خداداد پاکستان کیساتھ وابستہ کر رکھا ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی نے ایک بیان میں کہا کہ 19 جولائی 1947ء کو کشمیری قیادت کی طرف سے سرینگر میں متفقہ طور پر منظور کی جانے والی قرارداد الحاق پاکستان نہ صرف تاریخ کا ایک سنگ میل ہے بلکہ آج بھی کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اور پاکستان کے ساتھ غیر متزلزل رشتے کا بنیادی حوالہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد کشمیری مسلمانوں کے اس اجتماعی شعور، خواہش اور جذبے کی آئینہ دار ہے جس کے تحت انہوں نے اپنی سیاسی، تہذیبی اور مذہبی وابستگی کی بنیاد پر اپنے مستقبل کو مملکت پاکستان کے ساتھ وابستہ کرنے کا تاریخی فیصلہ کیا۔غلام محمد صفی نے کہا کہ دہائیوں کے بھارتی جبر، فوجی محاصرے، انسانی حقوق کی بدترین پامالیوں اور سازشی ہتھکنڈوں کے باوجود کشمیری قوم آج بھی اسی عہد پر قائم ہے۔19 جولائی کا دن اس ناقابل تردید حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ کشمیریوں کا پاکستان کے ساتھ رشتہ کوئی وقتی یا سیاسی ضرورت نہیں بلکہ عقیدے، ثقافت، تاریخ اور قربانیوں کی بنیاد پر استوار ایک ناقابل تنسیخ رشتہ ہے۔حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے رہنماؤں محمود احمد ساغر، الطاف حسین وانی، سید فیض نقشبندی، شمیم شال اور دیگر نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد جس میں جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا مطالبہ کیا گیا تھا، آج اور بھی زیادہ اہمیت رکھتی ہے کیونکہ بی جے پی کی بھارتی حکومت نے کشمیری مسلمانوں سے انکا سب کچھ چھین لیا ہے اور وہ ان کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے مذموم منصوبے پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے 19 جولائی کی قرارداد کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا جس میں خطے کی اکثریتی آبادی کی شناخت، ثقافت اور سیاسی مستقبل کے تحفظ کے لیے کشمیری قیادت کے عزم کا اظہار کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد جموں وکشمیر کی تقریباً 85 فیصد آبادی کی مرضی کی نمائندگی کرتی ہے۔حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے رہنماؤں نے کہا کہ دہائیوں کے وحشیانہ جبر کے باوجود کشمیری بھارتی قبضے سے آزادی کے حصول کے لیے پرعزم ہیں اور 19 جولائی 1947 کی اس قرارداد سے انہیں ایک قوت اور تحریک مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی یہ قرارداد پاکستان کے عملی طور پر معرض وجود میں آنے سے تقریباً ایک ماہ قبل 19 جولائی 1947 کو منظور کی تھی۔ بعد ازاں جب 14 اگست کو پاکستان بنا تو کشمیریوں نے بھرپور جشن منایا۔حریت رہنماؤں نے کہا کہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ جموں وکشمیر جغرافیائی، تاریخی اور ثقافتی، تہذیبی و تمدنی طور پر ریاست پاکستان سے جڑا ہوا ہے جبکہ بھارت نے اس کے ایک بڑے حصے پر فوجی طاقت کے بل پر قبضہ جما رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری بھارتی تسلط سے آزادی اور الحاق پاکستان کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں اور وہ اپنی منزل ضرور حاصل کر کے رہیں گے۔

بقیہ جات 7

وزیر اعظم عمران خان نے سپریم کورٹ کی 3/2 کا فیصلہ کالعدم کرنے کی استدعا کی۔درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ جج کی منتقلی عدلیہ کی آزادی پر حملہ ہے، تین ہائیکورٹ ججز کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں منتقلی کا مقصد آزاد جج کو پیچھے دھکیلنا ہے، ہائیکورٹ کے بعض ججز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد جس میں جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا مطالبہ کیا گیا تھا، آج اور بھی زیادہ اہمیت رکھتی ہے کیونکہ بی جے پی کی بھارتی حکومت نے کشمیری مسلمانوں سے انکا سب کچھ چھین لیا ہے اور وہ ان کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے مذموم منصوبے پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے 19 جولائی کی قرارداد کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا جس میں خطے کی اکثریتی آبادی کی شناخت، ثقافت اور سیاسی مستقبل کے تحفظ کے لیے کشمیری قیادت کے عزم کا اظہار کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد جموں وکشمیر کی تقریباً 85 فیصد آبادی کی مرضی کی نمائندگی کرتی ہے۔حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے رہنماؤں نے کہا کہ دہائیوں کے وحشیانہ جبر کے باوجود کشمیری بھارتی قبضے سے آزادی کے حصول کے لیے پرعزم ہیں اور 19 جولائی 1947 کی اس قرارداد سے انہیں ایک قوت اور تحریک مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی یہ قرارداد پاکستان کے عملی طور پر معرض وجود میں آنے سے تقریباً ایک ماہ قبل 19 جولائی 1947 کو منظور کی تھی۔ بعد ازاں جب 14 اگست کو پاکستان بنا تو کشمیریوں نے بھرپور جشن منایا۔حریت رہنماؤں نے کہا کہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ جموں وکشمیر جغرافیائی، تاریخی اور ثقافتی، تہذیبی و تمدنی طور پر ریاست پاکستان سے جڑا ہوا ہے جبکہ بھارت نے اس کے ایک بڑے حصے پر فوجی طاقت کے بل پر قبضہ جما رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری بھارتی تسلط سے آزادی اور الحاق پاکستان کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں اور وہ اپنی منزل ضرور حاصل کر کے رہیں گے۔

بقیہ جات 7

وزیر اعظم عمران خان نے سپریم کورٹ کی 3/2 کا فیصلہ کالعدم کرنے کی استدعا کی۔درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ جج کی منتقلی عدلیہ کی آزادی پر حملہ ہے، تین ہائیکورٹ ججز کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں منتقلی کا مقصد آزاد جج کو پیچھے دھکیلنا ہے، ہائیکورٹ کے بعض ججز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد جس میں جموں وکشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا مطالبہ کیا گیا تھا، آج اور بھی زیادہ اہمیت رکھتی ہے کیونکہ بی جے پی کی بھارتی حکومت نے کشمیری مسلمانوں سے انکا سب کچھ چھین لیا ہے اور وہ ان کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے مذموم منصوبے پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے 19 جولائی کی قرارداد کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا جس میں خطے کی اکثریتی آبادی کی شناخت، ثقافت اور سیاسی مستقبل کے تحفظ کے لیے کشمیری قیادت کے عزم کا اظہار کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد جموں وکشمیر کی تقریباً 85 فیصد آبادی کی مرضی کی نمائندگی کرتی ہے۔حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے رہنماؤں نے کہا کہ دہائیوں کے وحشیانہ جبر کے باوجود کشمیری بھارتی قبضے سے آزادی کے حصول کے لیے پرعزم ہیں اور 19 جولائی 1947 کی اس قرارداد سے انہیں ایک قوت اور تحریک مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے اپنی یہ قرارداد پاکستان کے عملی طور پر معرض وجود میں آنے سے تقریباً ایک ماہ قبل 19 جولائی 1947 کو منظور کی تھی۔ بعد ازاں جب 14 اگست کو پاکستان بنا تو کشمیریوں نے بھرپور جشن منایا۔حریت رہنماؤں نے کہا کہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ جموں وکشمیر جغرافیائی، تاریخی اور ثقافتی، تہذیبی و تمدنی طور پر ریاست پاکستان سے جڑا ہوا ہے جبکہ بھارت نے اس کے ایک بڑے حصے پر فوجی طاقت کے بل پر قبضہ جما رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری بھارتی تسلط سے آزادی اور الحاق پاکستان کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں اور وہ اپنی منزل ضرور حاصل کر کے رہیں گے۔

بقیہ جات 8

فضائی حملوں کی روشنی میں میں تمام مقامی اور بین الاقوامی اداکاروں سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ ایسی کسی

بقیہ جات 9

کرنے کی ضرورت ہے۔جمعہ کو شہباز شریف کی زیر صدارت سول سروس کی ریفارمز پر جائزہ اجلاس ہوا، اس دوران وزیر اعظم نے کہا کہ سول سروس کو مزید فعال کرنے کیلئے اس کی تجدید نو وقت کی اہم ضرورت ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ سول سروس حکومت کی عملی کارکردگی اور پالیسی کے مؤثر عمل درآمد میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سول سروس کی جامع اور مؤثر حکمت عملی کے تحت تجدید نو حکومت کی اولین ترجیح ہے۔شہباز شریف نے ہدایت کی کہ سول سروس ریفارمز میں سرکاری افسران اور عوامی نمائندگان کی رائے کی شمولیت یقینی بنائی جائے۔

بقیہ جات 10

مرتب کیا جائے۔وزیر اعظم نے کہا کہ جینرل شپنگ کارپوریشن کو کارپوریٹ خطوط پر استوار کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، پاکستان افغانستان ازبکستان ریلوے لائن سے خطے میں تجارت کے نئے دور کا آغاز ہونے جا رہا ہے، جس کے تحت وسطی ایشیا سے تجارتی سامان کی پاکستانی بندرگاہوں کے ذریعے دنیا بھر میں آمدورفت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے ریلوے اور شپنگ شعبے کی بہتری کلیدی اہمیت رکھتی ہے، پاکستانی شپنگ لائنز کیلئے سامان کی ترسیل سے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کا نادر موقع ہے، پاکستان کے فریٹ کی مد میں خرچ ہونے والے زرمبادلہ کی بچت کیلئے بحری بیڑے میں جہازوں کی تعداد میں اضافے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔وزیر اعظم نے وزارت سمندری امور اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کو شعبے کی ازسرنو اصلاحات اور پائیدار بزنس ماڈل پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، جنید انور چوہدری اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ جات 11

ن شہریت ترمیمی بلز منظور کر لیے گئے۔سینیٹ میں وزیر مملکت برائے داخلہ نے حوالگی ملزمان ترمیمی بل 2025 پیش پیش کیا جس پر بیرسٹر علی ظفر نے بل کی مخالفت کر دی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے بتایا کہ ممالک کے مابین دو طرفہ طور معاملات ہوتے ہیں، حوالگی ملزمان کا ایک طریقہ کار طے ہے، ملزمان کا ممالک کے درمیان تبادلہ ہوتا رہتا ہے، بعد ازاں سینیٹ نے حوالگی ملزمان ترمیمی بل 2025 منظور کر لیا۔سینیٹ میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے پاکستان شہریت ترمیمی بل 2025 پیش کیا جسے ایوان نے منظور کر لیا۔اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا ہے کہ این ایچ اے پر اربوں روپے کی کرپشن کی جارہی ہے، آفیسرز قائمہ کمیٹیوں میں آکر جھوٹ بولتے ہیں، وزیر مواصلات ان افسران کے خلاف ایکشن لیں۔اس موقع پر وفاقی وزیر مواصلات علیم خان نے کہا کہ ایوان کو یقین دلاتا ہوں میرے دور ایے میں این ایچ اے نے ریونیو بڑھایا ہے، معزز سینیٹر نے جس طرف توجہ دلائی ہے اس پر ایکشن لیا جائے گا۔سینیٹ اجلاس میں فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ میں مزید ترمیم کا بل بھی کثرت رائے سے منظور کر لیا گیا۔وزیر مملکت تعلیم وتربیت وجیہہ قمر نے بل پیش کیا جبکہ وزیر قانون نے بتایا کہ اس بل کے تحت فیڈرل بورڈ میں صوبوں کو نمائندگی دی گئی ہے اور ورک لوڈ کم کرنے کے لیے کچھ چیزیں وزیر اعظم آفس کو منتقل کی گئی ہیں، بل کے تحت بورڈ کی تشکیل اور مالی کمیٹی بنانے کا اختیار وزیر اعظم کو دیا گیا ہے جو پہلے کابینہ کے پاس تھا۔سینیٹر علی ظفر نے بل پر اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ بل کے اغراض ومقاصد کچھ اور ہیں جبکہ بل میں کچھ اور درج ہے۔اجلاس میں مجموعہ تعزیرات 1860 اور مجموعہ فوجداری 1898 میں ترامیم کا بل بھی کثرت رائے سے منظور کیا گیا۔وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کے بعد بل پیش کیا، بحث کے دوران سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ عورتوں سے ریپ اور بے حرمتی کی سزا موت سے عمر قید میں تبدیل نہیں ہونی چاہیے کیونکہ یہ سنگین جرم ہے۔وزیر قانون نے جواب میں کہا کہ یورپ میں سزائے موت نہ ہونے کے باوجود جرائم کی شرح کم ہے جبکہ پاکستان میں سخت سزاؤں کے باوجود جرائم کی شرح زیادہ ہے، ہمیں زمینی حقائق دیکھنے ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا ہے کہ عمر قید کی سزا انتہائی سخت ہے جبکہ سزائے موت مارشل لا ادوار میں متعارف کرائی گئی تھی اور کئی بار بے گناہ لوگ بھی پھنس جاتے ہیں۔سینیٹ اجلاس میں پاکستان سیٹزن ایکٹ 1951 میں ترمیم کا بل بھی متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے بل قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کے بعد ایوان میں پیش کیا۔سینیٹر علی ظفر نے اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ شہریت چھوڑ کر دوبارہ لینے والوں سے متعلق بل میں وضاحت نہیں دی گئی جس پر وزیر قانون نے وضاحت کی کہ اگر کوئی پاکستانی شہری شہریت واپس لینا چاہے تو اس کے لیے راستہ کھلا رکھا گیا ہے۔اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران این ایچ اے میں ایک آفیسر کی 16 سال سے ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کا انکشاف ہوا، سینیٹر شہادت اعوان نے ایوان بالا میں غیر قانونی تعیناتی سے متعلق کہا کہ آفیسر کی 16 سال سے تعیناتی سپریم کورٹ فیصلوں کی خلاف ورزی ہے۔اس پر وفاقی وزیر علیم خان نے ایسی کسی تعیناتی سے متعلق لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرے علم میں ایسی کوئی تعیناتی ہے نہ وزارت نے اس سے متعلق کچھ بتایا ہے، اس بارے معلومات حاصل کر لیتا ہوں، اگر ایسا ہوگا تو تعیناتی ہٹائی جائے گی، اس معاملے کو دیکھ لوں گا، سپریم کورٹ فیصلوں کی خلاف ورزی پر کتنے لوگ بیٹھے ہیں، اگر کوئی قانون کی خلاف ورزی ہوئی تو 15 دن نہیں 15 منٹ میں فارغ ہوں گے۔سینیٹر ضمیر گھمرو نے کہا کہ ای او بی آئی اٹھارہویں ترمیم کے تحت صوبائی معاملہ ہے، ن لیگ خود سپریم کورٹ گئی تھی کہ اس محکمے کو صوبوں کے حوالے کیا جائے، بتایا جائے کہ محکمہ کب صوبوں کے حوالے کیا جائے گا؟ جس پر وزیر مملکت بیرسٹر عقیل نے جواب دیا کہ جب قانونی معاملات طے پائے جائیں گے تو اس محکمے کو صوبوں کے حوالے منتقل کر دیا جائے گا۔سینیٹر عبدالشکور خان نے سوال کیا کہ اجلاس میں وزارت سمندر پار پاکستانیز کے دیئے گئے جواب کے مطابق اس وزارت میں بلوچستان سے کوئی شخص کیوں بھرتی نہیں ہوا؟ جس پر بیرسٹر عقیل احمد نے بتایا کہ میں اعتراف کرتا ہوں دی گئی فہرست کے مطابق بلوچستان سے کوئی شخص بھرتی نہیں ہوا، بلوچستان میں کیوں کوئی بھرتی نہیں ہے اس کی تفصیل میں معزز رکن کو فراہم کردوں گا، کئی دفعہ اوپن میرٹ میں کسی ایک علاقے سے کوئی بھی نہیں آتا، اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین نے تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت کر دی۔سینیٹر دنیش کمار نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ان ظالموں نے معذوروں کو بھی نہیں بخشا، معذوروں اور خواتین کو بھی کوئی نوکری نہیں دی گئی۔وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ ماضی میں زبانی احکامات پر بھی نوکریاں دی گئیں، کوٹے کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ آپ کورے کاغذ پر درخواست دیں اور نوکری لیں، سول سروس اکیڈمی نے اقلیتوں کے لیے خصوصی اقدامات کیے ہیں، 40 فیصد نمبر لینے والے اقلیتی طلبہ کے نام ان کی اپنی مذہبی تنظیموں سے مانگے گئے ہیں، ان بچوں کو سول سروسز اکیڈمی میں تیاری کروائی جائے گی، ہم چاہ رہے ہیں کہ پسے ہوئے طبقات کا ہاتھ پکڑا جائے انہیں سپورٹ کیا جائے۔سینیٹر ہمایوں مہمند نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بہت سی لڑکیاں بیرون ممالک بھجوائی جاتی ہیں اور وہ غیر قانونی کاموں میں استعمال ہوتی ہیں، اس کام کے لیے مشن میں سے بھی کچھ لوگ ویزے لگوانے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔بیرسٹر عقیل ملک نے جواب دیا کہ اس معاملے میں ایمبیسی کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا، وہاں موجود کمپنیاں ڈائریکٹ لوگوں کو بھرتی کرتی ہیں اور انہیں لے کر جاتی ہیں، اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے معاملہ کمیٹی کو بھجوا دیا۔سینیٹر عبدالشکور خان نے کہا کہ نجی میڈیکل کالجز نے لوٹ کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے جس پر وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ یہ معاملہ متعلقہ کمیٹی کو بھجوایا جائے، اس معاملے پر وزیر اعظم کی

بقیہ جات 12

خیبر پختونخوا کابینہ کا اجلاس وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں 37 نکاتی ایجنڈا زیر بحث لایا گیا جبکہ متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی، اجلاس میں صوبائی وزراء اور متعلقہ انتظامی سیکرٹریز نے شرکت کی۔صوبائی کابینہ نے منشیات کیسز میں سزائے موت ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے قانون سازی کی جائے گی۔ڈیلک چیئرمینوں کیلئے نئی گاڑیاں خریدنے کیلئے کابینہ سے منظوری لی جائے گی، خصوصی تعلیم اور صحت سے متعلق این جی اوز کیلئے فنڈز کی بھی منظوری لی جائے گی جبکہ محکمہ اطلاعات میں ڈیجیٹل میڈیا کے لیے آسامیوں کی منظوری لینے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔علی امین گنڈاپور نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال پر اگلے ہفتے آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں جس میں مشاورت کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اس مسئلے کے پائیدار حل کے لئے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دینے کی ضرورت ہے، صوبائی حکومت کی کوششوں سے ضلع کرم میں امن بحال ہوا ہے، جرگوں اور مقامی عمائدین کی مشاورت سے دیگر علاقوں میں بھی امن قائم کیا جاسکتا ہے۔اجلاس میں 3 ایم پی او کے قانون پر غور وخوض اور اس میں اصلاحات لانے کا فیصلہ کیا گیا، 3 ایم پی او کا نفاذ صوبائی محکمہ داخلہ کی پیشگی اجازت سے مشروط کیا جائے گا، اس اقدام کا مقصد 3 ایم او کے غلط استعمال کو روکنا ہے۔علی امین گنڈاپور نے کہا کہ 3 ایم پی او کا قانون ایف سی آر طرز کا قانون ہے، اکثر اس کا غلط استعمال ہورہا ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قدرتی آفات کہیں بھی آسکتی ہیں، اس پر سیاست نہیں ہونی چاہئے، قدرتی آفات میں ہم دیگر صوبوں کی مدد کے لئے تیار ہیں۔اجلاس میں بھارتی جارحیت میں شہید ہونے والے خیبر پختونخوا کے شہداء کے ورثا کے لئے فی کس 50 لاکھ روپے اور دہشتگردی کے واقعے میں شہید ہونے مولانا خانزیب کے ورثا کے لئے ایک کروڑ روپے امداد کی منظوری دی گئی۔

بقیہ جات 13

کہا ہے کہ اسلام آباد ایکسائز ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے گاڑی چوری کو ناممکن بنانے جا رہا ہے۔ڈائریکٹر بلال اعظم نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں ایکسائز اسلام آباد جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے چوری کی گاڑی کو پکڑنے کا فول پروف نظام لے کر آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تھرڈ نمبر پلیٹ کے ذریعے سیف سٹی کیمرے کسی بھی گاڑی کی موومنٹ فوری ریکارڈ کر کے لوکیشن معلوم کر سکیں گے، ٹیکنالوجی کے ذریعے گاڑی کی ٹرانسفر کو پیپر لیس بھی بنایا جارہا ہے، گاڑی کی ٹرانسفر اب موبائل پر چہرے کی شناخت اور موبائل بائیو میٹرک سے بھی ممکن ہو سکے گی۔انہوں نے کہا کہ خصوصی ٹیگ جو ہر گاڑی کی تھرڈ نمبر پلیٹ کا کام کرے گا، چوری شدہ گاڑی کی نمبر پلیٹ تبدیل بھی کر دی جائے تب بھی سیف سٹی کیمرہ اسے پہچان لے گا، نیکس ڈیفالٹر گاڑی بھی پکڑی جا سکے گی۔اسلام آباد ایکسائز کے ڈائریکٹر نے کہا کہ گاڑی کی ٹرانسفر کو بھی پیپر لیس کیا جارہا ہے، پھر گاڑی کا رجسٹریشن کارڈ بھی ہمراہ رکھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ڈائریکٹر ایکسائز بلال اعظم نے کہا کہ گذشتہ مالی سال میں 23 ارب 34 کروڑ کی ریکارڈ ٹیکس کلیکشن بھی جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی وجہ سے ممکن ہوئی، آن لائن ٹوکن، بائیو میٹرک ٹرانسفر سمیت ہر شعبے میں ٹیکنالوجی متعارف کروائی جا رہی ہے۔

بقیہ جات 14

سروس کے مطابق بھارتی فورسز اہلکاروں نے 2013 میں آج کے دن ضلع رام بن کے علاقے گول میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف آواز اٹھانے والے مسلمانوں پر اندھا دھند فائرنگ کی تھی جس کے نتیجے 14 بے گناہ کشمیری شہید ہوگئے تھے۔شہید ہونے والے ان افراد کے لواحقین انصاف کے حصول کے لیے در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں لیکن کوئی ان کی آواز نہیں سن رہا اور مجرم بھارتی فوجی آزادانہ گھوم رہے ہیں۔مقبوضہ علاقے کی سول سوسائٹی کا کہنا ہے کہ بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں علاقے میں اب تک اس طرح کے قتل عام کے بیسیوں واقعات رونما ہو چکے ہیں لیکن آج تک ایک بھی مجرم بھارتی فوجی کو سزا نہیں دی گئی۔ سول سوسائٹی نے اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں پر زور دیا کہ بے گناہ کشمیریوں کو انصاف کی فراہمی کیلئے کردار ادا کریں۔سول سوسائٹی کے ارکان کا کہنا ہے کہ کشمیری اپنے پیدائشی حق، حق خودارادیت کا مطالبہ کر رہے ہیں جسے اقوام متحدہ نے تسلیم کر رکھا ہے لیکن بھارت انہیں یہ حق دینے کے بجائے طاقت کے بل پر دبانے کی کوشش کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کی جائز جدوجہد کو دبانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا اور وہ تحریک آزادی کو اسکے منطقی انجام تک ضرور پہنچائیں گے۔

بقیہ جات 15

ژنگ سے دو مسلمان جاںبحق ہوگئے۔ان افراد کو مسماری مہم کے خلاف مزاحمت پر گولیاں ماردی گئیں۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق پولیس کی فائرنگ سے شکور حسین اور قطب الدین شیخ جانبحق ہوگئے۔ ہفتے کے روز سے جاری مسماری مہم کے دوران مزاحمت پر اب تک درجنوں افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ان مسلمانوں کو بنگالی قرار دیکر بے دخل کیا جا رہا ہے۔اب تک سینکڑوں مسلمان خاندانوں کے گھر مسمار کیے جا چکے ہیں۔بی جے پی سے وابستہ وزیر اعلیٰ ہماںتا بسوا سرما نے بدھ کے روز اعلان کیا کہ مسماری مہم اور بنگالی مسلمانوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔کانگریس نے بے دخلی مہم کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنگالی بولنے والے مسلمانوں کو دانستہ طور پر نشانہ بنایا جارہا ہے۔۔ پارٹی کے صدر ملکارجن کھرگے نے دھوبری اور گولپارہ میں دو ہزار کے لگ بھگ مکانات کی مسماری کی مذمت کرتے ہوئے اسے آئینی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا۔

بقیہ جات 16

سے اپنے کچھ ساتھی ڈاکٹروں پر تشدد کیخلاف ہڑتال کا سلسلہ جاری ہے ۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈاکٹروں کی ہڑتال کے بعد ایمرجنسی وارڈ میں بحرانی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔واقعے کے بعد گو کہ تشدد کی ایف آئی آر درج کی گئی ہے تاہم جونیئر ڈاکٹروں نے کیس کے مرکزی ملزم کی گرفتاری تک اپنی ڈیوٹی شروع کرنے سے انکار کردیا ہے۔اگرچہ سینئر ڈاکٹرز اور کنسلٹنٹس ایمرجنسی اور دیگر وارڈز میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں، تاہم کام کاج پھر بھی متاثر ہے۔جی ایم سی جموں کے پرنسپل اور ڈین ڈاکٹر آشوتوش گپتا کا کہنا ہے کہ بدھ کو ایمرجنسی میں ایک شدید علیل مریض کی وفات کے بعد اسکے رشتہ داروں نے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں پر تشدد کیا تھا۔ڈاکٹر آشوتوش نے کہا کہ ڈاکٹروں نے مریض کو علاج معالجے کی ہر ممکن سہولت

بقیہ جات 17

مذمت کی ہے۔عاصم افتخار نے ان حملوں کو بین الاقوامی قانون کی سنگین اور دانستہ خلاف ورزی اور شدید اشتعال انگیز قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ شام اس وقت ایک نازک مگر اہم مرحلے سے گزر رہا ہے۔انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ شام کو بحالی کیلئے گنجائش مہیا کرے۔انہوں نے کہا کہ ایسے ماحول میں اسرائیل کے جانب سے شامی ریاستی اداروں پر غیر ذمہ دارانہ حملے نہ صرف نقصان دہ ہیں بلکہ عقل سے بھی عاری ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ یہ استثنیٰ ختم ہونا چاہیے، اسرائیل کے اقدامات نہ صرف غیر قانونی ہیں بلکہ بالآخر خود اس کیلئے نقصان دہ ہیں، کیونکہ یہ وہی عدم استحکام پیدا کرتے ہیں جسے اسرائیل روکنے کا دعویٰ کرتا ہے۔انہوں نے شام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو جوابدہ نہ ٹھہرانے کے باعث خلاف ورزیاں مزید بڑھ گئی ہیں، اسرائیل کی خلاف ورزیاں یو این چارٹر اور عالمی قانون کے نظام کو کمزور کر رہی ہیں، اسرائیلی اقدامات خطے کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی کوشش ہے۔

بقیہ جات 18

سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو ایک عرضداشت بھیجی ہے، جس میں ان کی توجہ بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی طرف دلائی گئی ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سید فیض نقشبندی نے اپنی عرضداشت میں کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کے ایک بڑے مذہبی رہن

روزنامہ "قوت" لاہور (8) ہفتہ 19 جولائی 2025ء

پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن ایسی ریگولر سکیمیں لائے گی، ادارہ مالی طور پر مستحکم ہو، وزیراعلیٰ

چوہدری شفاقت حسین

بورڈ نے پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے 11.483 ارب روپے کے بجٹ تخمینہ جات برائے سال 26-2025 کی منظوری دی

وزیراعلیٰ آسان کاروبار کارڈ اور وزیراعلیٰ آسان کاروبار فنانس سکیمیں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے فروغ میں معاون ثابت ہوئیں

اجلاس منعقدہ ویبیک ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں 6 ذیلی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں گزشتہ بورڈ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ بورڈ نے پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے 11.483 ارب روپے کے بجٹ تخمینہ جات برائے مالی سال 26-2025 کی منظوری دی۔ بورڈ نے رواں مالی سال کے دوران سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت پھسک کی جاری اور نئی سکیموں پر عملدرآمد کی بھی (بقیہ نمبر 3 ص 8)



لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شفاعت حسین کی زیر صدارت پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ کا 131 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ و سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کے علاوہ پنجاب پرووینشل ایڈمنسٹریٹو سروس بورڈ کے ارکان، ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز و کمرشل ایڈمنسٹریشن، ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، ڈائریکٹر جنرل پنجاب انوویشن فاؤنڈیشن، ڈائریکٹر جنرل پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی